(اوّل، دوم)

شارح محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بریلی شریف

مصباحی لائبریری
مدناپور، بھیڑی، بریلی شریف یوپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مصباح العربیۃ

شرح

منہاج العربیۃ

اول

شارح

محمد گل ریز رضا مصباحی
مدناپوری، بہیڑی، بریلی شریف

ناشر

مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف

نام کتاب: مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ اول
شارح: محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف
نظر ثانی: مولانا ارشاد احمد مصباحی، اشرفیہ، مولانا سلطان احمد مصباحی بنگال
صفحات: 69
کمپوزنگ: سعادت علی مرادآباد
سال اشاعت: 2021ء
مطبع: مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی، بریلی شریف
تعداد: 1000
رابطہ نمبر: 9458201735 – 8057889427

----(ملنے کے پتے)----

- قادری کتاب گھر، بریلی شریف
- المجمع الاسلامی، مبارک پور، اعظم گڑھ
- مکتبہ حافظ ملت، مبارک پور اعظم گڑھ
- حق اکیڈمی، مبارک پور اعظم گڑھ
- قادری بک ڈپو، بریلی شریف یوپی
- مکتبہ المصطفی بریلی شریف یوپی
- مکتبہ رحمانیہ رضویہ، درگاہ اعلی حضرت بریلی

فہرست مضامین

شرف انتساب

میں اپنی اس کاوش کو خلاصۂ کائنات رحمت عالم حضور احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ ﷺ کی بارگاہ میں نذر کرتے ہوئے:

صحابۂ کرام، تابعین عظام اور تبع تابعین کرام۔ مذاہب اربعہ حنفی، شافعی، مالکی اور حنبلی سلف وصالحین۔ اسلام کی حقیقی تعلیمات سے امت کو روشناس کرانے والے مجددین اسلام۔ سلاسل اربعہ قادریہ، چشتیہ، نقشبندیہ اور سہروردیہ کے مشائخ عظام۔ محدثین خانوادۂ ولی اللہ، علماے فرنگی محل، بزرگان کچھوچھہ مقدسہ، سادات مارہرہ مطہرہ، اکابر بریلی ومشائخ بدایوں۔ بالخصوص شاہ ولی اللہ محدث دہلوی، بحر العلوم علامہ عبد العلی فرنگی محلی، تارک سلطنت سید اشرف جہاں سمنانی، شاہ برکت اللہ عشقی مارہروی، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں محقق بریلوی اور معین الحق علامہ فضل رسول قادری بدایونی۔ اعلیٰ حضرت علی حسین اشرفی میاں کچھوچھوی، صدر الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی، مفتیٔ اعظم ہند شاہ مصطفیٰ رضا خاں بریلوی، ملک العلماعلامہ ظفر الدین بہاری، سید العلما شاہ آل مصطفیٰ مارہروی، احسن العلما سید مصطفیٰ حیدر حسن مارہروی، محدث اعظم ہند سید محمد کچھوچھوی اور مجاہد ملت علامہ حبیب الرحمٰن قادری عباسی۔ جلالۃ العلم حافظ ملت حضرت علامہ شاہ عبد العزیز محدث مرادآبادی، نائب حافظ ملت حضرت علامہ عبد الرؤف بلیاوی، شارح بخاری حضرت مفتی شریف الحق امجدی، ورئیس القلم حضرت علامہ ارشد القادری اور بحر العلوم حضرت مفتی عبد المنان اعظمی۔ کے افکار ونظریات اور مسلک حق وصداقت کا ترجمان...

الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کے نام
منسوب کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں۔
محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری،
بہیڑی، بریلی شریف یوپی

تھدیہ

والدین کریمین کے نام

جنھوں نے مجھے تعلیم وتربیت سے آراستہ کرنے کی خاطر مدارس اسلامیہ کے حوالے کیا،قدم قدم پر میری رہنمائی کی اور دعاؤں سے نوازتے رہے۔

محمد گل ریز مصباحی،مدناپوری
بریلی شریف(یوپی)

نوٹ: اگراس کتاب میں کسی طرح کی کوئی غلطی پائیں توکتاب کوہدف تنقید نہ بنائیں بلکہ خلوص نیت کے ساتھ ہمیں مطلع کریں،ان شاءاللہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کردی جائے گی۔

نوٹ: منہاج العربیہ اول،دوم، کا ترجمہ کرتے وقت کتاب کاپرانا ایڈیشن پیش نظر رکھاگیاہے۔

کچھ مفید اصطلاحات

مصباح العربیۃ شرح منہاج العربیۃ اول کے شروع میں کچھ اصطلاحات ،ہدایات کا اضافہ کیا جارہا ہے جن سے طلبہ کو اسباق سمجھنے ، تمرین کو حل کرنے میں مدد ملے گی اور ان کی معلومات میں اضافہ ہوگا اور عربی سمجھنے میں آسانی ہوگی۔

(ا) اَلْوَرْدُ (الف ولام کے ساتھ) معرفہ ہے اور وَرْدٌ (بے الف ولام) نکرہ ہے

(۲) مُجْتَہِدٌ مذکر ہے اور مُجْتَہِدَۃٌ (ۃ کے ساتھ) مؤنث ہے۔

(۳) اسمائے اشارہ برائے مذکر: ھٰذَا ، ذٰلِکَ ، برائے مؤنث: ھٰذِہٖ تِلْکَ۔

(۴) مذکر واحد کی ضمیریں: کَ (بالفتح) ہٗ، ھُوَ ، أَنْتَ (تا کے زبر کے ساتھ)

مؤنث واحد کی ضمیریں: کِ (بالکسر) ھَا، ھِیَ ، أَنْتِ (تا کے زیر کے ساتھ)۔

(۵) ھٰذَا الْکِتَابُ (یہ کتاب) یہ مرکب ناقص کہلاتا ہے اور ھٰذَا کِتَابٌ (یہ کتاب ہے) یہ مرکب تام ہے۔

(۶) (ا) وَلَدُ جَمِیْلٍ (جمیل کا لڑکا) (۲) وَلَدٌ جَمِیْلٌ (خوب صورت لڑکا) یہ بھی مرکب ناقص کہلاتے ہیں۔ اول کا نام مرکب اضافی اور دوسرے کا مرکب توصیفی ہے۔ اول میں پہلا اسم مضاف اور دوسرا مضاف الیہ اور دوسرے میں پہلا اسم موصوف اور دوسرا صفت کہلاتا ہے۔

(۷) اَلْوَلَدُ جَمِیْلٌ میں اَلْوَلَدُ مبتدا ہے اور جَمِیْلٌ اس کی خبر ہے۔ اسی طرح ھٰذَا کِتَابٌ میں ھٰذَا مبتدا ہے اور کِتَابٌ خبر ہے۔

(۸) (ا) اَلْوَلَدُ جَمِیْلٌ (۲) اَلْبِنْتُ جَمِیْلَۃٌ پہلی مثال میں مبتدا مذکر ہے اس لیے خبر بھی مذکر آئی ہے اور دوسری مثال میں چونکہ مبتدا مؤنث ہے اس لیے خبر بھی مؤنث ہے۔

(۹) مبتدا و خبر اور موصوف وصفت (مرکب توصیفی) میں فرق یہ ہے کہ مبتدا عموما معرفہ اور خبر نکرہ ہوتی ہے جیسے: اَلْبِنْتُ جَمِیْلَۃٌ اور موصوف وصفت دونوں معرفہ ہوتے

ہیں جیسے :اَلْوَلَدُ الْجَمِیْلُ (خوب صورت لڑکا) یادونوں نکرہ جیسے :بِنْتٌ جَمِیْلَةٌ (کوئی یا ایک خوب صورت لڑکی)۔

(۱۰) مبتدا وخبر میں کب مطابقت لازم ہے اور کب نہیں ؟اس سلسلے میں اتنا سمجھ لیا جائے کہ خبر جب مفرد ہو (جملہ نہ ہو) تو وہ یا تو جامد ہوگی یا مشتق۔اگر جامد ہوگی تو اس کی مبتدا سے مطابقت ضروری نہیں جیسے :"اَلْکُفْرُ ظُلْمَةٌ "کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کو متضمن نہیں ہوتی۔ہاں اگر خبر معنیً مشتق میں ہو تو وہ ضمیر عائد الی المبتدا کو متضمن ہوتی ہے جیسے:"عَلِیٌّ أَسَدٌ" یہاں "اَسَدٌ" شُجَاعٌ کے معنی میں ہے۔(جامد سے مراد جس میں معنیً وصف نہ ہو)

اور اگر خبر مشتق ہوگی تو اس کی افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں مطابقت لازم ہے کیوں کہ یہ مبتدا کی جانب لوٹنے والی ضمیر کی متحمل ہوتی ہے جیسے:اَلتِّلْمِیْذُ مُجْتَهِدٌ /اَلتِّلْمِیْذَانِ مُجْتَهِدَانِ /اَلتَّلَامِیْذُ مُجْتَهِدُوْنَ ،علی الترتیب اول واحد مذکر، دوئم تثنیہ مذکر اور سوئم جمع مذکر کی مثال ہے اور جیسے:اَلتِّلْمِیْذَةُ مُجْتَهِدَةٌ اَلتِّلْمِیْذَتَانِ مُجْتَهِدَتَانِ /اَلتِّلْمِیْذَاتُ مُجْتَهِدَاتٌ ،علی الترتیب اول واحد مؤنث، دوئم تثنیہ مؤنث اور سوئم جمع مؤنث کی مثال ہے۔

(۱۱) موصوف صفت میں چار چیزوں میں مطابقت ضروری ہے اور وہ یہ ہیں (۱) اعراب(۲)واحد تثنیہ جمع (۳)تعریف وتنکیر (۴)تذکیر وتانیث ۔مطلب یہ ہے کہ جو اعراب موصوف کا ہوگا وہی صفت کا، موصوف اگر واحد ہوگا تو صفت بھی، موصوف اگر نکرہ ہوگا تو صفت بھی اور موصوف اگر مذکر ہوگا تو صفت بھی مذکر ہوگی جیسے :"وَلَدٌ صَالِحٌ" دیکھئے (۱) دونوں مرفوع (۲) دونوں واحد (۳) دونوں نکرہ (۴) دونوں مذکر ہیں۔

(۱۲) مرکب اضافی اور مرکب توصیفی میں فرق بالکل ظاہر ہے، مرکب اضافی میں دوسرا جز یعنی مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے جیسے :وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ الْعَالِمِ (عالم کا لڑکا) جبکہ مرکب توصیفی میں دونوں جز یا تو مرفوع ہوں گے یا منصوب یا مجرور ۔اسی طرح مضاف مضاف الیہ (مرکب اضافی) اور مبتدا وخبر میں فرق ظاہر ہے جیسے :اَلْوَلَدُ عَالِمٌ (لڑکا

عالم ہے) یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور وَلَدُ عَالِمٍ /وَلَدُ العَالِمِ ، یہ مرکب اضافی (مضاف مضاف الیہ) کی مثالیں ہیں۔ اور جیسے: اَلْحَدِیْقَۃُ لِسَعْدٍ (باغ سعد کا ہے) یہ مبتدا خبر کی مثال ہے اور حَدِیْقَۃُ لِسَعْدٍ (سعد کا باغ) یہ مرکب اضافی کی مثال ہے۔

وہ اسماء جو مؤنث ہیں

(الف)

فَاطِمَۃُ، اِمْرَأۃٌ، نَاقَۃٌ عَالِمَۃٌ وغیرہ تائے تانیث (ۃ) والے۔

حُبْلٰی، حُسْنٰی وغیرہ الف مقصورہ والے۔

حَسْنَاءُ ، حَمْرَاءُ وغیرہ الف ممدودہ والے۔ یہ سب مؤنث لفظی کہلاتے ہیں۔

(ب)

زَیْنَبُ، مَرْیَمُ وغیرہ عورتوں کے اعلام۔

اُمٌّ ، حَائِضٌ وغیرہ الفاظ واوصاف جو عورتوں کے ساتھ خاص ہیں۔

مِصْرُ ، دِلْھِیْ ، قُرَیْشٌ وغیرہ ملکوں، شہروں اور قبیلوں کے نام

یہ سب مؤنث معنوی کہلاتے ہیں۔

(ج)

اَرْضٌ، دَارٌ، بِئْرٌ، یَدٌ ، نَارٌ ، شَمْسٌ وغیرہ۔ یہ سب مؤنث سماعی کہلاتے ہیں۔

وہ اسماء جو مذکر و مؤنث ہیں

دَلْوٌ ، سِکِّیْنٌ، جَحِیْمٌ ، طَرِیْقٌ، سُوْقٌ، لِسَانٌ ، ذِرَاعٌ ، عُنُقٌ وغیرہ۔

وہ اسماء جن میں مذکر و مؤنث برابر ہیں

فَعُوْلٌ کے وزن پر (بمعنی فاعل) جیسے: عَطُوْفٌ وغیرہ۔

فَعِیْلٌ کے وزن پر (بمعنی مفعول) جیسے: قَتِیْلٌ وغیرہ ۔ان کے علاوہ اور بھی اوزان ہیں۔

جمع مکسر وہ جمع ہے جن میں واحد کا وزن سلامت نہ ہو یعنی متغیّر ہوجائے جیسے: رِجَالٌ۔

جمع سالم وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن سلامت ہو یہ مذکر بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحُوْنَ اور مؤنث بھی ہوتی ہے جیسے: صَالِحَاتٌ .

إِنَّ کہاں آتا ہے اور أَنَّ کہاں؟ اس بارے میں سر دست اتنا بتانا کافی ہے کہ إِنَّ ابتدائے کلام میں آتا ہے (خواہ حقیقۃً ابتدا ہو یا حکماً) اور أَنَّ درمیان کلام میں۔

(۱۳) غیر منصرف پر کسرہ اور تنوین نہیں آتی جیسے: اَحْمَدُ، زَ یْنَبُ، عَائِشَۃُ، کَسْلَانُ وغیرہ۔

اسم منقوص: وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں یائے ثابتہ اور اس کے ماقبل مکسور ہو: جیسے اَلْقَاضِیْ جب یہ الف ولام اور اضافت سے خالی ہو تو "یا" کتابت وتلفظ میں حذف ہوجاتی ہے جیسے: ھُوَ قَاضٍ (وہ قاضی ہے)

(۱۴) اَیٌّ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے اور اَیَّۃٌ صرف مؤنث کے لیے۔

(۱۵) "مِنْ" اور "لِ" جار کا ترجمہ "کی، کے، سے بھی کیا جاتا ہے جیسے: اَلْحَدِیْقَۃُ لِھٰذَاالرَّجُلِ (باغ اس مرد کا ہے)۔

(۱۶) ھٰذَاالْوَلَدُ ،جَمِیْلٌ (یہ لڑکا، خوب صورت ہے) ھٰذَا ،وَلَدٌ جَمِیْلٌ (یہ، خوب صورت لڑکا ہے) اول مثال میں ھٰذَا الوَلَدُ مبتدا اور جَمِیْلٌ خبر ہے اور دوسری مثال میں ھٰذَا مبتدا اور وَلَدٌ جَمِیْلٌ (موصوف صفت سے مل کر) خبر ہے۔

(۱۷) (۱) اَلْفَرَسُ وَالْحِمَارُ (گھوڑا اور گدھا) (۲) رَبِّیْ وَرَبُّكَ اللہُ (میرا رب اور تیرا رب اللہ ہے) اردو محاورے کے مطابق اول کے ترجمہ میں "اور" لانا اور دوسرے کے ترجمہ میں "رب" کی تکرار ضروری نہیں۔

(۱۸) ہمزہ (أ) اور ھَلْ میں فرق یہ ہے کہ ہمزہ کے ذریعہ مفرد اور جملہ کے بارے میں پوچھا جاتا ہے اثبات ونفی میں اور ھَلْ کے ذریعہ صرف جملہ فی الاثبات کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔

مسندالیہ: وہ چیز ہے جس کے لیے کوئی چیز ثابت کی جائے۔

مسند: وہ چیز ہے جو دوسرے کے لیے ثابت ہو جیسے: "زَیْدٌ نَبِیْہٌ" (زید ہوشیار ہے) اس مثال میں زَیْدٌ مسند الیہ اور نَبِیْہٌ مسند ہے۔ اور جیسے: "قَرَأَ بَکَرٌ" (پڑھا بکر نے) اس مثال میں قَرَأَ مسند اور بَکَرٌ مسند الیہ ہے۔

جملہ: مسند اور مسند الیہ کو مجموعہ کو کہتے ہیں جیسے: "زَیْدٌ عَالِمٌ".

مبتدا: وہ اسم ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو۔

خبر: وہ لفظ ہے جو لفظی عامل سے خالی ہو اور مسند ہو جیسے: "زَیْدٌ جَالِسٌ" اس مثال میں "زَیْدٌ" مبتدا اور "جَالِسٌ" خبر ہے۔

رفع: ضمہ، الف اور واؤ کو کہتے ہیں۔

مرفوع: وہ اسم ہے جس پر ضمہ یا الف یا واؤ آئے جیسے: اَلْمُسْلِمُ ،وَالْمُسْلِمَانِ ،اَلْمُسْلِمُوْنَ ،اَبُوْزَیْدٍ ، میں اَبُوْ.

نصب: فتحہ، کسرہ، الف اور یا کو کہتے ہیں۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ یا الف یا یا آئے جیسے: اَلْمُسْلِمَ ،اَلْمُسْلِمَاتِ، اَبَازَیْدٍ میں اَبَا ،اَلْمُسْلِمَیْنِ ،اَلْمُسْلِمِیْنَ .

جر: کسرہ، فتحہ اور یا کو کہتے ہیں۔

مجرور: وہ اسم ہے جس پر حرف جار داخل ہو یا جو مضاف الیہ ہو جیسے: عَلَی الْمُسْلِمِ ،عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ ،عَلٰی اَبِیْ زَیْدٍ ،عَلَی الْمُسْلِمَیْنِ،عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ اور جیسے: وَلَدُ الْمُسْلِمِ،وَلَدُ اِبْرَاهِیْمَ ،غُلَامُ الْمُسْلِمِیْنَ .

جملہ اسمیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز اسم ہو جیسے: زَیْدٌ عَالِمٌ .

جملہ فعلیہ: وہ جملہ ہے جس کا پہلا جز فعل ہو جیسے: عَلِمَ زَیْدٌ.

اسم اشارہ: وہ لفظ ہے جس سے کسی چیز کی طرف اشارہ کیا جائے جیسے اردو میں "یہ، وہ" اور عربی میں "هٰذَا، ذٰلِكَ"۔

مشارٌالیہ: وہ چیز ہے جس پر اشارہ کیا جائے جیسے: "هٰذَاالْقُرْآنُ" اس مثال میں اَلْقُرْآنُ مشارٌالیہ ہے۔

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلّم یاحاضر یاغائب کو بتانے کے لیے مقرر کیا گیا ہو جیسے:أَنَا(میں)أَنْتَ(تو)هُوَ(وہ)نَحْنُ(ہم،ہم دو،ہم لوگ)اَنْتُمْ(تم لوگ)

فاعل: وہ اسم ہے جو فعل کے بعد ہو اور اس سے فعل کا تعلق بطور قیام ہو جیسے :"ضَرَبَ زَيْدٌ"(زید نے مارا)اس مثال میں زَيْدٌ فاعل ہے۔

اسم استفہام: وہ اسم ہے جس کے ذریعہ کسی چیز کو پوچھا جائے۔جیسے:مَا •مَنْ• كَيْفَ •أَيْنَ •كَمْ•

فعل معروف: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر کیا جائے جیسے:"قَتَلَ رَجُلٌ"(قتل کیا ایک آدمی نے)اس مثال میں قَتَلَ فعل معروف ہے۔

فعل مجہول: وہ فعل ہے جس کا فاعل ذکر نہ کیا جائے جیسے:"قُتِلَ زَيْدٌ"(قتل کیا گیا زید)اس مثال میں زَيْدٌ نائب فاعل ہے۔

مفعول بہ: وہ اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے:"قَتَلْتُ زَيْدًا"(میں نے زید کو قتل کیا)اس مثال میں زَيْدًا مفعول بہ ہے کیونکہ فاعل کا فعل زید پر واقع ہے۔

منصوب: وہ اسم ہے جس پر فتحہ یا کسرہ ،یا الف یا یا آئے جیسے :"اَلْمُسْلِمَ• اَلْاٰيَاتِ•اَخَازَ يَدٍ•اَلْمُسْلِمَيْنِ•اَلْمُسْلِمِيْنَ.

مفعول فیہ: وہ اسم ہے جس کا مصداق فاعل کے فعل کے لیے وقت یا جگہ واقع ہو جیسے:"اَلْوَلَدُ دَخَلَ الْمَدْرَسَةَ •اِغْتَسَلْتُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ"ان مثالوں میں اَلْمَدْرَسةُ اور يَوْمَ الْجُمُعَةِ مفعول فیہ ہے۔ترکیب میں مفعول فیہ کو ظرف بھی کہتے ہیں۔

مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جس سے پہلے کوئی فعل اسی مصدر کے معنی میں ہو جیسے:"جَلَسْتُ جَلْسَةً"اس مثال میں جَلْسَةً مفعول مطلق ہے۔

حال: وہ اسم ہے جو فاعل یا مفعول بہ کی حالت بیان کرے۔

ذوالحال: وہ فاعل یا مفعول بہ ہے جس کی حالت بیان کی گئی ہو جیسے:"ذَهَبَ زَيْدٌ رَاكِبًا"(زید سوار ہوکر گیا)اس مثال میں زَيْدٌ فاعل اور ذوالحال ہے رَاكِبًا حال ہے۔

تمیز: وہ اسم ہے جو پوشیدگی دور کرے۔

ممیز: وہ اسم ہے جس میں ابہام اور پوشیدگی ہو جیسے:"زَيْدٌ اَحْسَنُ وَجْهًا"اس مثال میں اَحْسَنُ ممیز اور وَجْهًا اس کی تمیز ہے۔

منادیٰ: وہ اسم ہے جس پر حرف ندا داخل ہو جیسے :"یَارَجُلُ "یعنی اے آدمی ،اس مثال میں رَجُلُ منادی ہے۔

ندا: وہ حرف ہے جس کو پکارنے کے لیے وضع کیا گیا ہو جیسے :یَا.

حروف مشبہ بہ فعل: وہ حروف ہیں جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو منصوب اور خبر کو مرفوع کرتے ہیں جیسے :"اِنَّ اللهَ عَلِیْمٌ "حروف مشبہ بہ فعل چھ ہیں اِنَّ •أَنَّ • كَأَنَّ • لٰكِنَّ •لَیْتَ • لَعَلَّ •

فعل ناقص: وہ فعل ہے جو جملہ اسمیہ پر داخل ہوکر مبتدا کو مرفوع اور خبر کو منصوب کرے جیسے:"كَانَ زَ یْدٌ قَائِمًا" افعال ناقصہ سترہ ہیں كَانَ •صَارَ •ظَلَّ •بَاتَ • اَصْبَحَ •اَمْسٰى اَضْحىٰ• رَاحَ•آضَ• عَادَ•غَدَا• مَازَالَ• مَابَرِحَ• مَافَتِئَ• مَاانَفَكَّ•مَادَامَ•لَيْسَ•

اضافت منیہّ،لامیہ،ظرفیہ کا استعمال

اضافت منیہّ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر مِنْ حرف جار داخل ہو جیسے:"جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ "یعنی قرآن کا ایک پارہ۔

اضافت لامیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر لام حرف جار آئے جیسے :"وَلَدٌلِزَ یْدٍ "یعنی زید کا ایک لڑکا۔

اضافت ظرفیہ: وہ اضافت جس کے مضاف الیہ پر فِی حرف جار داخل ہو جیسے :"اَلْمُصَارِعُ فِیْ دِهْلِیْ "یعنی دہلی کا پہلوان۔

مؤکد: وہ کلمہ جس کی تاکید لائی جائے۔

تاکید: وہ لفظ ہے جس سے کسی کلمہ میں زور پیدا کیا جائے جیسے:"خَطَبَ الطُلَّابُ كُلُّهُمْ "تمام طلبہ نے تقریر کی۔اس مثال میں اَلطُّلَّابُ مؤکد اور كُلُّهُمْ اس کی تاکید ہے۔

درس(۱)

هٰذَا جَمَلٌ .ذٰلِكَ كَلْبٌ.ذٰلِكَ فَرَسٌ.هٰذَا كِتَابٌ .هٰذَا جَمَلٌ. ذٰلِكَ فَرَسٌ.هٰذَا كَلْبٌ .ذٰلِكَ جَمَلٌ .ذٰلِكَ فَرَسٌ .هٰذَا كَلْبٌ.هٰذَا كِتَابٌ .ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ.

ترجمہ:- یہ اونٹ ہے•وہ کتا ہے•وہ گھوڑا ہے•یہ کتاب ہے•یہ اونٹ ہے•وہ گھوڑا ہے•یہ کتا ہے•وہ اونٹ ہے•وہ گھوڑا ہے•یہ کتا ہے•یہ کتاب ہے•وہ عربی ہے•

ترجمہ کرو:

اردو	عربی	اردو	عربی
یہ کتا ہے	هٰذَا كَلْبٌ	وہ گھوڑا ہے	ذٰلِكَ فَرَسٌ
یہ اونٹ ہے	هٰذَا جَمَلٌ	وہ کتا ہے	ذٰلِكَ كَلْبٌ
یہ گھوڑا ہے	هٰذَا فَرَسٌ	وہ اونٹ ہے	ذٰلِكَ جَمَلٌ
یہ قلم ہے	هٰذَا قَلَمٌ	وہ کتاب ہے	ذٰلِكَ كِتَابٌ
یہ انسان ہے	هٰذَا إِنْسَانٌ	وہ حیوان ہے	ذٰلِكَ حَيَوَانٌ
یہ سوال ہے	هٰذَا سُؤَالٌ	وہ جواب ہے	ذٰلِكَ جَوَابٌ
وہ کتاب ہے	ذٰلِكَ كِتَابٌ	وہ قرآن ہے	ذٰلِكَ قُرْآنٌ
یہ عربی ہے	هٰذَا عَرَبِيٌّ	وہ سہل ہے	ذٰلِكَ سَهْلٌ

درس(۲)

مَنْ هٰذَا ؟ هٰذَا رَجُلٌ .مَا ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ قِرْدٌ .مَنْ هٰذَا؟ هٰذَا وَلَدٌ.مَا ذٰلِكَ؟ ذٰلِكَ حِمَارٌ.

ترجمہ:- یہ کون ہے؟ یہ مرد ہے • وہ کیا ہے؟ وہ بندر ہے • یہ کون ہے؟ یہ لڑکا ہے • وہ کیا ہے؟ وہ گدھا ہے۔

ترجمہ کرو:

اردو	عربی	اردو	عربی
یہ کون ہے	مَنْ هٰذَا؟	یہ آدمی ہے	هٰذَا رَجُلٌ
وہ کون ہے؟	مَنْ ذٰلِكَ؟	وہ لڑکا ہے	ذٰلِكَ وَلَدٌ
وہ اونٹ ہے	ذٰلِكَ جَمَلٌ	یہ گھوڑا ہے	هٰذَا فَرَسٌ
یہ کیا ہے؟	مَا هٰذَا؟	یہ بندر ہے	هٰذَا قِرْدٌ
وہ کیا ہے؟	مَا ذٰلِكَ؟	وہ کتا ہے	ذٰلِكَ كَلْبٌ
یہ گدھا ہے	هٰذَا حِمَارٌ	وہ کُرسی ہے	ذٰلِكَ كُرْسِيٌّ
وہ استاد ہے	ذٰلِكَ أُسْتَاذٌ	یہ لڑکا ہے	هٰذَا وَلَدٌ
یہ کتاب ہے	هٰذَا كِتَابٌ	وہ عربی ہے	ذٰلِكَ عَرْبِيٌّ
محمد ﷺ کون ہیں	مَنْ مُحَمَّدٌ ﷺ ؟	وہ انسان ہیں	ذٰلِكَ إِنْسَانٌ
وہ رسول ہیں	ذٰلِكَ رَسُوْلٌ	یہ مذہب ہے	هٰذَا مَذْهَبٌ
وہ اسلام ہے	ذٰلِكَ إِسْلَامٌ	یہ کیا ہے	مَا هٰذَا؟
یہ کتاب ہے	هٰذَا كِتَابٌ	وہ قرآن ہے	ذٰلِكَ قُرْآنٌ

درس(۳)

أَنَا وَلَدٌ. أَنْتَ وَلَدٌ. أَنَا كَبِيْرٌ. أَنْتَ صَغِيْرٌ .ك:هَلْ أَنْتَ صَغِيْرٌ ؟ ص :نَعَمْ،أَنَا صَغِيْرٌ .ص:هَلْ أَنْتَ صَغِيْرٌ؟ك:لَا،أَنَا كَبِيْرٌ ،لَا صَغِيْرٌ.ك:هَلْ

أَنْتَ كَبِيْرٌ؟ص: لَا، أَنَا صَغِيْرٌ ، لَا كَبِيْرٌ .ص: هَلْ هٰذَا كِتَابٌ؟ك: نَعَمْ هٰذَا كِتَابٌ .ص: هَلْ ذٰلِكَ فَارِسِيٌّ؟كَ: لَا، ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ، لَا فَارِسِيٌّ.

ترجمہ:-

میں لڑکا ہوں : تو لڑکا ہے

میں بڑا ہوں : تو چھوٹا ہے۔

بڑا : کیا تو چھوٹا ہے؟

چھوٹا : ہاں: میں چھوٹا ہوں

چھوٹا : کیا تو چھوٹا ہے؟

بڑا : نہیں، میں بڑا ہوں، چھوٹا نہیں۔

بڑا : کیا تو بڑا ہے؟

چھوٹا : نہیں، میں چھوٹا ہوں، بڑا نہیں۔

چھوٹا : کیا یہ کتاب ہے؟

بڑا : ہاں: یہ کتاب ہے۔

چھوٹا : کیا وہ فارسی ہے؟

بڑا : نہیں، وہ عربی ہے، فارسی نہیں۔

ترجمہ کرو:

اردو	عربی	اردو	عربی
یہ دین ہے	هٰذَا دِيْنٌ	کیا وہ اسلام ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ إِسْلَامٌ؟
ہاں وہ اسلام ہے	نَعَمْ: ذٰلِكَ إِسْلَامٌ	یہ قرآن ہے	هٰذَا قُرْآنٌ

کیاوہ عربی ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ؟	ہاں وہ عربی ہے	نَعَمْ: ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ
یہ کتاب ہے	هٰذَا كِتَابٌ	کیاوہ فارسی ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ فَارْسِيٌّ؟
نہیں،وہ عربی ہے	لَا، ذٰلِكَ عَرَبِيٌّ	یہ کیاہے؟	مَا هٰذَا؟
وہ کیاہے؟	مَا ذٰلِكَ؟	میں کون ہوں؟	مَنْ أَنَا؟
توکون ہے؟	مَنْ أَنْتَ؟	یہ کون ہے؟	مَنْ هٰذَا؟
کیاتومسلم ہے؟	هَلْ أَنْتَ مُسْلِمٌ؟	ہاں میں مسلم ہوں	نَعَمْ: أَنَا مُسْلِمٌ

درس(۴)

كِتَابٌ. اَلْكِتَابُ. اَلْكِتَابُ. قُرْآنٌ. اَلْقُرْآنُ. اَلْقُرْآنُ. دَرْسٌ. اَلدَّرْسُ.
اَلدَّرْسُ. دِيْنٌ. اَلدِّيْنُ. اَلدِّيْنُ. بَيْتٌ. اَلْبَيْتُ. اَلْبَيْتُ.

اَلْبَيْتُ. اَلْوَلَدُ. اَلْكِتَابُ. اَلْوَرَقُ. اَلْجَمَلُ. اَلْفَرَسُ. اَلْحِمَارُ. اَلْقِرْدُ.
اَلْكَلْبُ. اَلدَّرْسُ. اَلْبَيتُ. اَلرَّجُلُ.

قُرْآنٌ. دِيْنٌ. اِسْلَامٌ. رَجُلٌ. دَرْسٌ. عَرَبِيٌّ. جَمَلٌ. حِمَارٌ. كَلْبٌ. قِرْدٌ.
فَرَسٌ. وَلَدٌ.

اَلدَّرْسُ. اِسْلَامٌ. دِيْنٌ. رَجُلٌ. حِمَارٌ. اَلْفَرَسُ. جَمَلٌ. اَلْكَلْبُ. اَلْبَيْتُ.
اَلْقُرْآنُ. رَسُوْلٌ. اِسْلَامٌ. اَلْعَرَبُ. عَرَبِيٌّ. اَلْجَنَّةُ. اَلْعِلْمُ. قِرْدٌ. اَلْجَمَلُ. زَهْرٌ.
اَلْوَرَقُ. اَلْحِمَارُ. فَرَسٌ. اَلصَّغِيْرُ. كَبِيْرٌ.

ترجمہ:۔کوئی کتاب •کتاب •کتاب •کوئی قرآن •قرآن۔قرآن •کوئی سبق •سبق •سبق •کوئی دین •دین •دین •کوئی گھر •گھر •گھر •

گھر۔ لڑکا۔ کتاب۔ پتّا۔ اونٹ۔ گھوڑا۔ گدھا۔ بندر۔ کتا۔ سبق۔ گھر۔ آدمی۔

پڑھواور لکھو:۔ کوئی قرآن۔ کوئی دین۔ اسلام۔ کوئی آدمی۔ کوئی سبق۔ کوئی عربی۔ کوئی اونٹ۔ کوئی گدھا۔ کوئی کتا۔ کوئی بندر۔ کوئی گھوڑا۔ کوئی لڑکا۔ سبق۔ اسلام۔ دین۔ آدمی۔ گدھا۔ گھوڑا۔ اونٹ۔ کتا۔ گھر۔ قرآن۔ رسول۔ اسلام۔ عرب۔ عربی۔ جنت۔ علم۔ بندر۔ اونٹ۔ پھول۔ پتا۔ گدھا۔ گھوڑا۔ چھوٹا۔ بڑا۔

درس(۵)

اَلْقُرْآنُ كِتَابٌ. اَلْكِتَابُ عَرَبِيٌّ .اَلْعِلْمُ مُفِيْدٌ. اَلإِسْلَامُ دِيْنٌ. اَلأَدَبُ وَاجِبٌ. اَلدَّرْسُ سَهْلٌ. اَلْجَمَلُ طَوِيْلٌ. اَلْبَيْتُ جَدِيْدٌ. اَلزَّهْرُ صَغِيْرٌ. اَلشَّجَرُ كَبِيْرٌ. اَللَّعِبُ ضَرُوْرِيٌّ.

ترجمہ:- قرآن کتاب ہے۔ کتاب عربی ہے۔ علم مفید ہے۔ اسلام دین ہے۔ ادب ضروری ہے۔ سبق آسان ہے۔ اونٹ لمبا ہے۔ گھر نیا ہے۔ پھول چھوٹا ہے۔ درخت بڑا ہے۔ کھیل ضروری ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ أَنْتَ ؟	أَنَا وَلَدٌ.
2	هَلْ أَنْتَ كَبِيْرٌ ؟	نَعَمْ، أَنَا كَبِيْرٌ.
3	هَلْ أَنْتَ صَغِيْرٌ؟	لَا، أَنَا كَبِيْرٌ لَا صَغِيْرٌ.
4	هَلْ هٰذَا كِتَابٌ ؟	نَعَمْ ،هٰذَا كِتَابٌ
5	هَلْ ذٰلِكَ قُرْآنٌ ؟	نَعَمْ، ذٰلِكَ قُرْآنٌ .
6	هَلْ مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ؟	نَعَمْ، مُحَمَّدٌ (ﷺ) رَسُوْلٌ

ترجمہ کرو:

اردو	عربی	اردو	عربی
علم ضروری ہے	اَلْعِلْمُ ضَرُوْرِیٌّ	کھیل مفید ہے	اَللَّعِبُ مُفِيْدٌ
گھر بڑا ہے	اَلْبَيْتُ كَبِيْرٌ	گھوڑا چھوٹا ہے	اَلْفَرَسُ صَغِيْرٌ
درخت لمبا ہے	اَلشَّجَرُ طَوِيْلٌ	پھول بڑا ہے	اَلزَّهْرُ كَبِيْرٌ
کیا اونٹ بڑا ہے ؟	هَلِ الْجَمَلُ كَبِيْرٌ؟	کیا کتّا مفید ہے ؟	هَلِ الْكَلْبُ مُفِيْدٌ؟
وہ سبق ہے	ذٰلِكَ دَرْسٌ	سبق سہل ہے	اَلدَّرْسُ سَهْلٌ
کیا وہ قرآن ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ قُرْاٰنٌ؟	ہاں: وہ قرآن ہے	نَعَمْ، ذٰلِكَ قُرْاٰنٌ
کیا وہ عربی ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ عَرَبِیٌّ ؟	ہاں: وہ عربی ہے	نَعَمْ ،ذٰلِكَ عَرَبِیٌّ
فارسی نہیں	لَا فَارْسِیٌّ	تو کون ہے	مَنْ أَنْتَ؟
میں لڑکا ہوں	أَنَا وَلَدٌ	کیا تو مسلم ہے ؟	هَلْ أَنْتَ مُسْلِمٌ؟
ہاں: میں مسلم ہوں	نَعَمْ، أَنَا مُسْلِمٌ	محمد کون ہیں ؟	مَنْ مُحَمَّدٌ (ﷺ)؟
محمد رسول ہیں	مُحَمَّدٌ (ﷺ) رَسُوْلٌ	اسلام کیا ہے ؟	مَاالْإِسْلَامُ ؟
اسلام دین ہے	اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ	سلام واجب ہے	اَلسَّلَامُ وَاجِبٌ

درس(٦)

اَلْبَيْتُ.اَلْـمَدْرَسَةُ. فِي الْبَيْتِ.فِي الْـمَدْرَسَةِ . اَلْفَرَسُ.اَلْجَمَلُ.عَلیٰ الْفَرَسِ.عَلیٰ الْجَمَلِ.اَلْـمَيْدَانُ.اَلْـمَسْجِدُ.إِلیٰ الْـمَيْدَانِ.إِلیٰ الْـمَسْجِدِ. اَلْوَلَدُ .اَلْوَالِدُ .لِلْوَلَدِ.(لِ الْوَلَدِ) لِلْوَالِدِ(لِ الْوَالِدِ) .اَلْبَيْتُ .اَلْـمَدْرَسَةُ .

مِنَ الْبَيْتِ. مِنَ الْمَدْرَسَةِ. فِي الْقُرْآنِ. مِنَ اللهِ. مِنَ الْبَيْتِ. إِلَى الْمَسْجِدِ. إِلَى الْمَيْدَانِ. فِي اللَّعِبِ. لِلّٰهِ. لِلْوَلَدِ. عَلَى الْوَالِدِ.

ترجمہ:- گھر۔مدرسہ۔گھر میں۔مدرسہ میں۔گھوڑا۔اونٹ۔گھوڑے پر۔اونٹ پر۔میدان ۔مسجد۔میدان تک۔مسجد تک۔لڑکا۔باپ۔لڑکے کے لیے۔باپ کے لیے۔گھر۔مدرسہ۔گھر سے ۔مدرسہ سے۔قرآن میں۔اللہ سے۔ گھر سے ۔مسجد تک۔میدان تک۔کھیل میں۔اللہ کے لیے۔لڑکے کے لیے۔باپ پر۔

ترجمہ کرو:

اردو	عربی	اردو	عربی
مدرسہ میں	فِي الْمَدْرَسَةِ	گھر میں	فِي الْبَيْتِ
میدان سے	مِنَ الْمَيْدَانِ	مدرسہ سے	مِنَ الْمَدْرَسَةِ
گھوڑے پر	عَلَى الْفَرَسِ	اونٹ پر	عَلَى الْجَمَلِ
علم کے لیے	لِلْعِلْمِ	دین کے لیے	لِلدِّيْنِ
گھر تک	إِلَى الْبَيْتِ	قیامت تک	إِلَى الْقِيَامَةِ
گھر سے مدرسہ تک	مِنَ الْبَيْتِ إِلَى الْمَدْرَسَةِ	گدھا	اَلْحِمَارُ
چھوٹے سے بڑے تک	مِنَ الصَّغِيْرِ إِلَى الْكَبِيْرِ	اول سے آخر تک	مِنَ الْأَوَّلِ إِلَى الْأٰخِرِ
درخت پر	عَلَى الشَّجَرِ	کھیل میں	فِي اللَّعِبِ
پھول	اَلزَّهْرُ	کھیل کے لیے	لِلَّعِبِ
بندر	اَلْقِرْدُ	کتا	اَلْكَلْبُ

اللہ پر	عَلَی اللهِ

حرکات لگاؤ لکھو اور پڑھو

فِی الْقُرْآنِ•عَلَی اللهِ•اَلدَّرْسُ•لِلْعِلْمِ•إِسْلَامٌ•مِنَ الْمَسْجِدِ•اَلدِّيْنُ• لِلرَّسُوْلِ•مِنَ الزَّهْرِ•اَلشَّجَرُ•إِلَى الْبَيْتِ•فِی الجَنَّةِ•عَلَى الْجَمَلِ•لِلْفَرَسِ •حِمَارٌ•لِلَّعِبِ•مِنَ الْكَبِيْرِ•لِلصَّغِيْرِ•عَلَی الرَّجُلِ•كَلْبٌ•.

درس (۷)

أَيْنَ الْوَلَدُ؟ اَلْوَلَدُ عَلَى الْكُرْسِيِّ .أَيْنَ الْكُرْسِيُّ؟ اَلْكُرْسِيُّ عَلَى الأَرْضِ. أَيْنَ الْقَلَمُ؟ اَلْقَلَمُ فِي الْجَيْبِ. كَيْفَ الْوَلَدُ؟ اَلْوَلَدُ طَيِّبٌ. أَيْنَ السَّمَكُ؟ اَلسَّمَكُ فِي الْمَاءِ .أَيْنَ الزَّهْرُ؟ اَلزَّهْرُ عَلَى الشَّجَرِ .كَيفَ الزَّهْرُ؟ اَلزَّهْرُ جَمِيْلٌ.

ترجمہ:- لڑکا کہاں ہے؟ لڑکا کرسی پر ہے•کرسی کہاں ہے؟ کرسی زمین پر ہے•قلم کہاں ہے؟ قلم جیب میں ہے•لڑکا کیسا ہے؟ لڑکا اچھا ہے•مچھلی کہاں ہے؟ مچھلی پانی میں ہے•پھول کہاں ہے؟ پھول درخت پر ہے•پھول کیسا ہے؟ پھول خوب صورت ہے•۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ أَنْتَ ؟	أَنَا طَيِّبٌ
2	أَيْنَ أَنْتَ؟	أَنَا فِی الْبَيْتِ.
3	أَيْنَ الْقَلَمُ ؟	اَلْقَلَمُ فِی الْجَيْبِ

4	أَیْنَ الأُسْتَاذُ؟	اَلأُسْتَاذُ فِی الْمَدْرَسَةِ
5	أَیْنَ الْکُرْسِیُّ ؟	اَلْکُرْسِیُّ عَلَی الأَرْضِ
6	کَیْفَ الأُسْتَاذُ؟	اَلأُسْتَاذُ طَیِّبٌ
7	مَنْ عَلَی الْکُرْسِیِّ ؟	اَلْوَلَدُ عَلَی الْکُرْسِیِّ
8	مَافِی الْمَاءِ؟	اَلسَّمَكُ فِی المَاءِ
9	مَاعَلَی الشَّجرِ ؟	اَلزَهْرُ عَلَی الشَّجرِ
10	مَنْ مُحَمَّدٌ؟	مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ ﷺ
11	هَلْ مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ ؟	نَعَمْ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ ﷺ

ترجمہ کرو

اردو	عربی	اردو	عربی
آدمی گھوڑے پر ہے	اَلرَّجُلُ عَلَی الْفَرَسِ	بندر درخت پر ہے	اَلْقِرْدُ عَلَی الشَّجَرِ
گھوڑا گھر میں ہے	اَلْفَرَسُ فِی الْبَیْتِ	اونٹ عرب میں ہے	اَلْجَمَلُ فِی الْعَرَبِ
مچھلی پانی میں ہے	اَلسَّمَكُ فِی الْمَاءِ	استاد کرسی پر ہے	اَلأُسْتَاذُ عَلَی الْکُرْسِیِّ
لڑکا زمین پر ہے	اَلوَلَدُ عَلَی الأَرْضِ	کیا یہ گھر ہے ؟نہیں	هَلْ هٰذَا بَیْتٌ ؟ لَا
یہ مسجد ہے،گھر نہیں	هٰذَا مَسْجِدٌ، لَا بَیْتٌ	پانی کیسا ہے ؟	کَیْفَ الْمَاءُ ؟

پانی اچھا ہے	اَلْمَاءُ طَيِّبٌ	پانی وضو کے لیے ہے	اَلمَاءُ لِلْوَضُوْءِ
کیا وہ پھول ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ زَهْرٌ؟	ہاں: وہ پھول ہے	نَعَمْ: ذٰلِكَ زَهْرٌ
وہ خوب صورت ہے	ذٰلِكَ جَمِيْلٌ	قرآن عربی میں ہے	اَلْقُرْآنُ فِي الْعَرَبِيِّ
اسلام کیا ہے؟	مَا الإِسْلَامُ؟	اسلام ایک دین ہے	اَلإِسْلَامُ دِيْنٌ
دین کیسا ہے؟	كَيْفَ الدِّيْنُ؟	دین آسان ہے	اَلدِّيْنُ سَهْلٌ
مکّہ کہاں ہے؟	أَيْنَ مَكَّةُ؟	مکّہ عرب میں ہے	مَكَّةُ فِي الْعَرَبِ

درس (۸)

اَلْحَمْدُ ثَابِتٌ لِلّٰهِ .اَلْقُرْآنُ هِدَايَةٌ لِلإِنْسَانِ. اَلْعَمَلُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْعَالِمِ .اَلأُسْتَاذُ جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ. اَلْوَلَدُ وَاقِفٌ عَلَى الأَرْضِ. اَلْقَلَمُ لَازِمٌ لِلْكِتَابَةِ. وَالْكِتَابُ لَازِمٌ لِلْقِرَاءَةِ .اَلْعِلْمُ نِعْمَةٌ لِلإِنْسَانِ .اَلدَّرْسُ سَهْلٌ لِلْوَلَدِ.

ترجمہ:- تمام تعریف اللہ کے لیے ثابت ہے•قرآن انسان کے لیے ہدایت ہے•عمل عالم کے لیے ضروری ہے•استاد کرسی پر بیٹھا ہے•لڑکا زمین پر کھڑا ہے•قلم لکھنے کے لیے ضروری ہے•اور کتاب پڑھنے کے لیے ضروری ہے•علم انسان کے لیے نعمت ہے•سبق لڑکے کے لیے آسان ہے۔

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	سلام چھوٹے پر واجب ہے	اَلسَّلَامُ وَاجِبٌ عَلَى الصَّغِيْرِ
2	شکر انسان کے لیے لازم ہے	اَلشُّكْرُ لَازِمٌ لِلْإِنْسَانِ
3	پانی انسان کے لیے ضروری ہے	اَلْمَاءُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْإِنْسَانِ
4	ادب لڑکے پر واجب ہے	اَلأَدَبُ وَاجِبٌ عَلَى الْوَلَدِ
5	فقیر زمین پر کھڑا ہے	اَلسَّائِلُ وَاقِفٌ عَلَى الأَرْضِ
6	امیر گھوڑے پر بیٹھا ہے	اَلأَمِيْرُ جَالِسٌ عَلَى الْفَرَسِ
7	آدمی لکھنے میں ہے	اَلرَّجُلُ فِي الْكِتَابَةِ
8	لڑکا پڑھنے میں ہے	اَلْوَلَدُ فِي الْقِرَاءَةِ
9	لباس انسان کے لیے ضروری ہے	اَللِّبَاسُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْإِنْسَانِ
10	کیا قرآن قسم کے لیے ہے؟	هَلِ الْقُرْآنُ لِلْقَسَمِ؟
11	کیا وہ تبرک کے لیے ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ لِلتَّبَرُّكِ؟
12	نہیں، وہ عمل کے لیے ہے	لَا، ذٰلِكَ لِلْعَمَلِ
13	اسلام عمل سے ہے نہ کہ علم سے	اَلْإِسْلَامُ مِنَ الْعَمَلِ لَا مِنَ الْعِلْمِ
14	کیا انسان بندر سے ہے؟	هَلِ الْإِنْسَانُ مِنَ الْقِرْدِ؟
15	نہیں، وہ آدم سے ہے نہ کہ بندر سے	لَا، ذٰلِكَ مِنْ آدَمَ، لَا مِنَ الْقِرْدِ
16	ہدایت کہاں ہے؟	أَيْنَ الْهِدَايَةُ؟

17	ہدایت قرآن میں ہے	اَلْهِدَايَةُ فِي الْقُرْآنِ
18	کیا حمد انسان کے لیے ثابت ہے؟	هَلِ الْحَمْدُ ثَابِتٌ لِلإِنْسَانِ؟
19	نہیں، وہ فقط اللہ کے لیے ہے	لَا ، ذٰلِكَ لِلّٰهِ فَقَطْ
20	عالم کے لیے عزت ہے	اَلْعِزَّةُ لِلْعَالِمِ
21	جاہل کے لیے ذلت ہے	اَلذِّلَّةُ لِلْجَاهِلِ
22	انسان جاہل ہے، عالم نہیں	اَلْإِنْسَانُ جَاهِلٌ، لَا عَالِمٌ
23	اللہ عالم ہے	اَللّٰهُ عَالِمٌ

درس (۹)

أَنَا وَلَدٌ. أَنْتَ وَلَدٌ. أَنَا قَصِيْرٌ. أَنْتَ طَوِيْلٌ. أَنَا سَمِيْنٌ. أَنْتَ هَزِيْلٌ .أَنَا جَالِسٌ عَلَى الْكُرْسِيِّ. وَهُوَ وَاقِفٌ عَلَى الأَرْضِ. أَنَا مَشْغُوْلٌ بِالْقِرَاءَةِ. وَهُوَ مَشْغُوْلٌ بِاللَّعِبِ .أَنَا مُسْلِمٌ وَهُوَ أَيْضًا مُسْلِمٌ .أَنَا فِي الْقِرَاءَةِ وَهُوَ فِي اللَّعِبِ .هٰذَا جَيِّدٌ فِي الْقِرَاءَةِ .وَذٰلِكَ جَيِّدٌ فِي اللَّعِبِ.

ترجمہ:- میں لڑکا ہوں•تو لڑکا ہے•میں پست قد ہوں•تو لمبا ہے•میں موٹا ہوں•تو دبلا ہے•میں کرسی پر بیٹھا ہوں•اور وہ زمین پر کھڑا ہے•میں پڑھنے میں مشغول ہوں•اور وہ کھیل میں مشغول ہے•میں مسلمان ہوں اور وہ بھی مسلمان ہے•میں پڑھنے میں (مشغول) ہوں اور وہ کھیل میں (مشغول) ہے•یہ پڑھنے میں اچھا ہے اور وہ کھیلنے میں اچھا ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ أَنْتَ ؟	أَنَاوَلَدٌ
2	كَيْفَ أَنْتَ ؟	أَنَا طَيِّبٌ
3	هَلْ أَنْتَ مُسْلِمٌ؟	نَعَمْ : أَنَا مُسْلِمٌ
4	هَلْ لِلّٰهِ حَمْدٌ؟	نَعَمْ : لِلّٰهِ حَمْدٌ
5	هَلْ أَنْتَ هَزِيْلٌ ؟	لَا ، أَنَا سَمِيْنٌ، لَا هَزِيْلٌ
6	هَلْ أَنْتَ جَيِّدٌ فِي اللَّعِبِ ؟	لَا ، أَنَا جَيِّدٌ فِي الْقِرَاءَةِ، لَا فِي اللَّعِبِ
7	هَلْ أَنْتَ سَمِيْنٌ ؟	نَعَمْ : أَنَا سَمِيْنٌ
8	أَيْنَ الأُسْتَاذُ؟	اَلأُسْتَاذُ عَلَى الْكُرْسِيِّ
9	كَيْفَ هُوَ ؟	هُوَ طَيِّبٌ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	میں لمبا ہوں۔ پست قد نہیں	أَنَا طَوِيْلٌ، لَا قَصِيْرٌ
2	تو کھیل میں اچھا ہے	أَنْتَ جَيِّدٌ فِي اللَّعِبِ
4	وہ پڑھنے میں اچھا ہے	هُوَ جَيِّدٌ فِي الْقِرَاءَةِ
5	وہ دبلا ہے، موٹا نہیں	ذٰلِكَ هَزِيْلٌ، لَا سَمِيْنٌ
6	وہ لکھنے میں کیسا ہے؟	كَيْفَ هُوَ فِي الْكِتَابَةِ؟
7	وہ لکھنے میں اچھا ہے	هُوَ جَيِّدٌ فِي الْكِتَابَةِ

8	علم بھی مفید ہے اور کھیل بھی مفید ہے	اَلْعِلْمُ مُفِيْدٌ وَاللَّعِبُ اَيْضًا مُفِيْدٌ
9	پانی وضو کے لیے ضروری ہے	اَلْمَاءُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْوَضُوْءِ
10	مسجد عبادت کے لیے ہے نہ کہ کھیل کے لیے	اَلْمَسْجِدُ لِلْعِبَادَةِ، لَا لِلَّعِبِ
11	اسلام کیا ہے؟	مَا الْإِسْلَامُ ؟
12	اسلام دین ہے	اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ
13	وہ عمل سے ہے	ذٰلِكَ مِنَ الْعَمَلِ.
14	عمل اسلام کے لیے ضروری ہے	اَلْعَمَلُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْإِسْلَامِ

درس(۱۰)

هٰذَا فَارٌ .هٰذَاالْفَارُ صَغِيْرٌ. ذٰلِكَ قِطٌّ. ذٰلِكَ الْقِطُّ كَبِيْرٌ وَهُوَ أَبْيَضُ . ذٰلِكَ طَائِرٌ .ذٰلِكَ الطَّائِرُ غُرَابٌ وَهُوَ أَسْوَدُ .هٰذَا دَرْسٌ.هٰذَاالدَّرْسُ جَدِيْدٌ .وَهُوَ سَهْلٌ، لَا صَعْبٌ .

ترجمہ: یہ چوہا ہے• یہ چوہا چھوٹا ہے•وہ بلّا ہے•وہ بلّا بڑا ہے اور وہ سفید ہے•وہ پرندہ ہے•وہ پرندہ کوا ہے اور وہ کالا ہے•یہ سبق ہے•یہ سبق نیا ہے•اور وہ آسان ہے، سخت نہیں۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ الْقِطُّ ؟	اَلْقِطُّ أَبْيَضُ
2	كَيْفَ الْغُرَابُ ؟	اَلْغُرَابُ أَسْوَدُ
3	أَيْنَ مَكَّةُ ؟	مَكَّةُ فِي الْعَرَبِ
4	هَلْ أَنْتَ أَسْوَدُ ؟	لَا،اَنَا أَبْيَضُ ،لَا أَسْوَدُ
5	هَلْ أَنْتَ أَبْيَضُ ؟	نَعَمْ،اَنَا أَبْيَضُ
6	أَلِلْإِنْسَانِ حَمْدٌ؟	لَا ،اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، لَا لِلْإِنْسَانِ
7	هَلْ أَنْتَ فِي حَيْدر آباد؟	نَعَمْ: أَنَا فِيْ حَيْدَرْ آبَاد
8	هَلِ الْقُرْآنُ فِي الْعَرَبِيِّ؟	نَعَمْ ، اَلْقُرْآنُ فِي الْعَرَبِيِّ
9	هَلِ الْعَرَبِيُّ لَازِمٌ لِلْمُسْلِمِ؟	نَعَمْ، اَلْعَرَبِيُّ لَازِمٌ لِلْمُسْلِمِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	یہ گھوڑا ہے	هٰذَا فَرَسٌ
2	یہ گھوڑا	هٰذَا الْفَرَسُ
3	وہ بندر ہے	ذٰلِكَ قِرْدٌ
4	وہ بندر	ذٰلِكَ الْقِرْدُ
5	یہ اونٹ ہے	هٰذَا جَمَلٌ

6	یہ اونٹ	هٰذَا الْجَمَلُ
7	وہ کتا کالا ہے	ذٰلِكَ الْكَلْبُ أَسْوَدُ
8	یہ آدمی گورا ہے کالا نہیں	هٰذَاالرَّجُلُ أَبْيَضُ، لَا أَسْوَدُ
9	وہ کھیل	ذٰلِكَ اللَّعِبُ
10	وہ کھیل نیا ہے	ذٰلِكَ اللَّعِبُ جَدِيْدٌ
11	یہ بلا دبلا ہے	هٰذَا الْقِطُّ هَزِيْلٌ
12	وہ گدھا موٹا ہے	ذٰلِكَ الْحِمَارُ سَمِيْنٌ
13	وہ کتاب کیسی ہے؟	كَيْفَ ذٰلِكَ الْكِتَابُ ؟
14	کیا وہ لڑکا لکھنے اور پڑھنے میں مشغول ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ الْوَلَدُ مَشْغُوْلٌ بِالْكِتَابَةِ وَالْقِرَاءَةِ ؟
15	کیا وہ گھر خوب صورت ہے؟	هَلْ ذٰلِكَ الْبَيْتُ جَمِيْلٌ ؟
16	یہ قرآن	هٰذَاالْقُرْآنُ
17	یہ قرآن عربی میں ہے	هٰذَاالْقُرْآنُ فِى الْعَرَبِيِّ
18	عربی مسلم کے لیے ضروری ہے	اَلْعَرَبِيُّ ضَرُوْرِيٌّ لِلْمُسْلِمِ
19	وہ دین اسلام ہے	ذٰلِكَ الدِّيْنُ إِسْلَامٌ
20	وہ عالم فقط علم میں اچھا ہے اور عمل میں نہیں	ذٰلِكَ الْعَالِمُ جَيِّدٌ فِى الْعِلْمِ فَقَطْ وَ لَافِى الْعَمَلِ
21	عزت عالم کے لیے عمل سے ہے نہ کہ علم سے	اَلْعِزَّةُ لِلْعَالِمِ مِنَ الْعَمَلِ، لَا مِنَ الْعِلْمِ
22	کیا یہ مسجد ہے؟	هَلْ هٰذَا مَسْجِدٌ ؟

23	کیامسجد میں وضو کے لیے پانی ہے؟	هَلِ الْمَاءُ فِي الْمَسْجِدِ لِلْوَضُوْءِ؟
24	ہاں:اور وہ اچھا ہے	نَعَمْ، وَذٰلِكَ طَيِّبٌ
25	کیاپانی وضو کے لیے ضروری ہے؟	هَلِ الْمَاءُ ضَرُوْرِيٌّ لِلْوَضُوْءِ؟

درس(۱۱)

هٰذَا رَسْمٌ .هٰذَاالرَّسْمُ جَمِيْلٌ جِدًّا .مَا فِي الرَّسْمِ يَا عَزِ يْزُ ؟فِي الرَّسْمِ قَفَصٌ.مَا فِي القَفَصِ؟ فِي الْقَفَصِ طَائِرٌ. أَذٰلِكَ الطَّائِرُ بَبْغَاءُ؟نَعَمْ:ذٰلِكَ الطَّائِرُ بَبْغَاءُ. كَيْفَ ذٰلِكَ الطَّائِرُ ؟هُوَ جَمِيْلٌ جِدًّا.لِمَنْ هٰذَاالْقَفَصُ ؟ هٰذَ الْقَفَصُ لِفَرِ يْدٍ.

ترجمہ:- یہ تصویر ہے•یہ تصویر بہت خوب صورت ہے•اے پیارے!تصویر میں کیا ہے؟تصویر میں پنجرہ ہے•پنجرے میں کیا ہے؟پنجرے میں پرندہ ہے•کیاوہ پرندہ طوطا ہے؟ ہاں:وہ پرندہ طوطا ہے•وہ پرندہ کیسا ہے؟وہ بہت خوب صورت ہے•یہ پنجرہ کس کا ہے؟یہ پنجرہ فرید کا ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	كَيْفَ ذٰلِكَ الرَّسْمُ؟	ذٰلِكَ الرَّسْمُ جَمِيْلٌ جِدًّا
2	أَيْنَ الطَّائِرُ؟	اَلطَّائِرُ فِي الْقَفَصِ
3	أَهُوَ لِفَرِ يْدٍ؟	نَعَمْ: هُوَ لِفَرِ يْدٍ

4	أَهُوَ أَسْوَدُ؟	لَا ،هُوَ أَخْضَرُ
5	أَهُوَ جَمِيْلٌ ؟	نَعَمْ: هُوَ جَمِيْلٌ
6	أَهُوَ بَبْغَاءُ؟	نَعَمْ: هُوَ بَبْغَاءُ
7	أَذٰلِكَ الْقَفَصُ كَبِيْرٌ؟	لَا،ذٰلِكَ الْقَفَصُ صَغِيْرٌ ،لَا كَبِيْرٌ
8	أَهٰذَا الدَّرْسُ صَعْبٌ ؟	لَا ، هٰذَا الدَّرْسُ سَهْلٌ،لَا صَعْبٌ.

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	یہ کتاب کس کی ہے؟	لِمَنْ هٰذَاالْكِتَابُ؟
2	طوطا کس کا ہے؟	لِمَنِ الْبَبْغَاءُ؟
3	وہ پنجرہ کس کا ہے؟	لِمَنْ ذٰلِكَ الْقَفَصُ؟
4	یہ تصویر کیسی ہے؟	كَيْفَ هٰذَاالرَّسْمُ؟
5	کیا وہ گھر خوب صورت ہے؟	أَذٰلِكَ الْبَيْتُ جَمِيْلٌ؟
6	یہ چوہا بہت موٹا ہے	هٰذَا الْفَارُ سَمِيْنٌ جِدًّا
7	وہ بلّا بہت دبلا ہے	ذٰلِكَ الْقِطُّ هَزِيْلٌ جِدًّا
8	وہ لڑکا کالا ہے	ذٰلِكَ الْوَلَدُ أَسْوَدُ
9	یہ آدمی گورا ہے	هٰذَاالرَّجُلُ أَبْيَضُ
10	اسلام دین ہے	اَلْإِسْلَامُ دِيْنٌ

11	یہ دین بہت سہل ہے	هٰذَا الدِّيْنُ سَهْلٌ جِدًّا
12	مشکل نہیں ہے	لَا صَعْبٌ
13	کیا یہ کتاب قرآن ہے؟	أَهٰذَا الْكِتَابُ قُرْآنٌ؟
14	ہاں: یہ کتاب قرآن ہے	نَعَمْ: هٰذَا الْكِتَابُ قُرْآنٌ
15	اور وہ مبارک ہے	وَ هُوَ مُبَارَكٌ
16	اے فرید! یہ سبق کیسا ہے؟	كَيْفَ هٰذَا الدَّرْسُ يَا فَرِيْدُ!؟
17	یہ سبق آسان ہے مشکل نہیں	هٰذَا الدَّرْسُ سَهْلٌ، لَا صَعْبٌ

درس (۱۲)

فِي هٰذَا الرَّسْمِ اَصِيْصٌ.وَفِي ذٰلِكَ الأَصِيْصِ غَرْسٌ.عَلٰى ذٰلِكَ الْغَرْسِ وَرَقٌ وَوَرْدٌ .اَلْوَرَقُ أَخْضَرُ وَالْوَرْدُ أَحْمَرُ .لِمَنْ ذٰلِكَ الأَصِيصُ؟ ذٰلِكَ الأَصِيْصُ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ .هَلْ ذٰلِكَ الْغَرْسُ مِنَ الْحَدِيْقَةِ؟ نَعَمْ: ذٰلِكَ الْغَرْسُ مِنَ الْحَدِيْقَةِ. لِمَنْ الْحَدِيْقَةُ؟

اَلْحَدِيْقَةُ لَذٰلِكَ الرَّجُلِ وَهُوَ عَلَى الْكُرْسِيِّ.فِي الْحَدِيْقَةِ زَهْرٌ،وَ فَاكِهَةٌ أَيْضًا .

ترجمه:-اس تصویر میں کونڈا ہے•اور اس کونڈے میں پودا ہے•اُس پودے پر پتّا اور گلاب ہے•پتّا ہرا ہے اور گلاب سرخ ہے•وہ کونڈا کس کا ہے؟وہ کونڈا اُس آدمی کا ہے•کیا وہ پودا باغ

کا ہے؟ ہاں؛ وہ پودا باغ کا ہے • باغ کس کا ہے؟ باغ اُس آدمی کا ہے اور وہ کرسی پر (بیٹھا) ہے • باغ میں پھول اور میوہ بھی ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَذٰلِكَ الرَّسْمُ جَمِيْلٌ؟	نَعَمْ: ذٰلِكَ الرَّسْمُ جَمِيْلٌ
2	أَيْنَ الْغَرْسُ ؟	اَلْغَرْسُ فِي الْأَصِيْصِ
3	أَيْنَ الْوَرْدُ؟	اَلْوَرْدُ عَلَى الْغَرْسِ
4	لِمَنِ الْوَرْدُ؟	اَلْوَرْدُ لِذٰلِكَ الرَّجُلِ
5	أَيْنَ ذٰلِكَ الرَّجُلُ؟	ذٰلِكَ الرَّجُلُ عَلَى الْكُرْسِيِّ
6	كَيْفَ الْوَرْدُ؟	اَلْوَرْدُ أَحْمَرُ
7	كَيْفَ الْغَرْسُ ؟	اَلْغَرْسُ أَخْضَرُ

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	طوطا اس پنجرہ میں ہے	اَلْبَبْغَاءُ فِي هٰذَا الْقَفَصِ
2	میوہ اس دکان میں ہے	اَلْفَاكِهَةُ فِيْ ذٰلِكَ الدُّكَّانِ
3	کونڈا اس تصویر میں ہے	اَلْأَصِيْصُ فِيْ هٰذَا الرَّسْمِ
4	وہ لڑکا باغ میں ہے	ذٰلِكَ الْوَلَدُ فِي الْحَدِيْقَةِ
5	اس گھر میں کون ہے؟	مَنْ فِيْ هٰذَا الْبَيْتِ؟
6	وہ کتاب اس لڑکے (کے لیے) کی ہے	ذٰلِكَ الْكِتَابُ لِذٰلِكَ

		الْوَلَدِ
7	یہ پودا خوب صورت ہے	هٰذَا الْغَرْسُ جَمِيْلٌ
8	یہ ملک اللہ کا ہے	هٰذَا الْمُلْكُ لِلّٰهِ
9	یہ تصویر کس کی ہے؟	لِمَنْ هٰذَا الرَّسْمُ؟
10	وہ تصویر اُس عالم کی ہے	ذٰلِكَ الرَّسْمُ لِذٰلِكَ الْعَالِمِ
11	کیا تصویر اسلام میں جائز ہے؟	هَلِ الرَّسْمُ جَائِزٌ فِي الْإِسْلَامِ؟
12	حوض میں پانی ہے	فِي الْحَوْضِ مَاءٌ
13	پانی وضو کے لیے اچھا ہے	اَلْمَاءُ طَيِّبٌ لِلْوُضُوْءِ

درس (۱۳)

اَللهُ مَوْجُوْدٌ. اَللهُ لَيْسَ بِغَائِبٍ. اَللهُ رَحِيْمٌ. اَللهُ لَيْسَ بِظَالِمٍ. اَلْإِسْلَامُ حَقٌّ. اَلْإِسْلَامُ لَيْسَ بِبَاطِلٍ. اَلْقِرْدُ حَيَوَانٌ. اَلْقِرْدُ لَيْسَ بِإِنْسَانٍ. اَلْمَاءُ كَثِيْرٌ. اَلْمَاءُ لَيْسَ بِقَلِيْلٍ. اَلتِّيْنُ حُلْوٌ. اَلتِّيْنُ لَيْسَ بِحَامِضٍ. اَللَّيْمُوْنُ حَامِضٌ. اَللَّيْمُوْنُ لَيْسَ بِحُلْوٍ. اَلدَّرْسُ سَهْلٌ. اَلدَّرْسُ لَيْسَ بِصَعْبٍ.

ترجمہ:- اللہ موجود ہے • اللہ غائب نہیں ہے • اللہ مہربان ہے • اللہ ظالم نہیں ہے • اسلام حق ہے • اسلام باطل نہیں ہے • بندر جانور ہے • بندر انسان نہیں ہے • پانی زیادہ ہے • پانی کم نہیں ہے • انجیر میٹھا ہے • انجیر کھٹا نہیں ہے • لیموں کھٹا ہے • لیموں میٹھا نہیں ہے • سبق آسان

ہے۔سبق مشکل نہیں ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	هَلِ الْقِطُّ طَوِ يْلٌ؟	لَا ،اَلْقِطُّ قَصِيْرٌ ،لَا طَوِ يْلٌ
2	هَلِ الْجَمَلُ قَصِيْرٌ؟	لَا ،اَلْجَمَلُ طَوِ يْلٌ ، لَا قَصِيْرٌ
3	هَلِ التِّيْنُ حَامِضٌ ؟	لَا ،اَلتِّيْنُ حُلْوٌ، لَا حَامِضٌ
4	هَلِ السَّمَكُ قَلِيْلٌ؟	لَا ،اَلسَّمَكُ كَثِيْرٌ، لَا قَلِيْلٌ
5	هَلِ الْفَارُ كَبِيْرٌ؟	لَا ،اَلْفَارُ صَغِيْرٌ، لَا كَبِيْرٌ
6	هَلِ الْقُرآنُ مُبَارَكٌ؟	نَعَمْ: اَلْقُرْآنُ مُبَارَكٌ
7	هَلِ الدِّيْنُ صَعْبٌ؟	لَا ،اَلدِّيْنُ سَهْلٌ ،لَا صَعْبٌ
8	هَلِ اللَّيْمُوْنُ حَامِضٌ ؟	نَعَمْ: اَللَّيْمُوْنُ حَامِضٌ
9	أَمُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ؟	نَعَمْ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلٌ ﷺ
10	مَادِيْنُهٗ؟	دِيْنُهُ الْإِسْلَامُ.
11	أَذٰلِكَ الدِّيْنُ اِسْلَامٌ؟	نَعَمْ: ذٰلِكَ الدِّيْنُ اِسْلَامٌ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	موز(کیلا)کھٹانہیں ہے	اَلْمَوْزُ لَيْسَ بِحَامِضٍ
2	انجیر بڑانہیں ہے	اَلتِّيْنُ لَيْسَ بِكَبِيْرٍ
3	تصویر خوب صورت نہیں ہے	اَلرَّسْمُ لَيْسَ بِجَمِيْلٍ
4	پودابڑانہیں ہے	اَلْغَرْسُ لَيْسَ بِكَبِيْرٍ
5	گلاب چھوٹانہیں ہے	اَلْوَرْدُ لَيْسَ بِصَغِيْرٍ
6	کونڈابڑانہیں ہے	اَلْأَصِيْصُ لَيْسَ بِكَبِيْرٍ
7	اللہ غافل نہیں ہے	اَللهُ لَيْسَ بِغَافِلٍ
8	اللہ ظالم بھی نہیں ہے	اَللهُ لَيْسَ بِظَالِمٍ أَيْضًا
9	سبق مشکل نہیں ہے	اَلدَّرْسُ لَيْسَ بِصَعْبٍ
10	وہ لڑکا دبلانہیں ہے	ذٰلِكَ الْوَلَدُ لَيْسَ بِهَزِيْلٍ
11	یہ لڑکا موٹانہیں ہے	هٰذَاالْوَلَدُ لَيْسَ بِسَمِيْنٍ
12	وہ پڑھنے میں اچھانہیں ہے	ذٰلِكَ فِي الْقِرَاءَةِ لَيْسَ بِجَيِّدٍ
13	پھول کم نہیں ہیں	اَلأَزْهَارُ لَيْسَتْ بِقَلِيْلَةٍ
14	وہ آدمی اچھانہیں ہے	ذٰلِكَ الرَّجُلُ لَيْسَ بِجَيِّدٍ
15	وہ بیٹھا ہے اور لکھنے میں مشغول نہیں ہے	هُوَ جَالِسٌ وَلَيْسَ بِمَشْغُوْلٍ بِالْكِتَابَةِ
16	یہ کتاب ہے	هٰذَا كِتَابٌ.
17	اور یہ کتاب لڑکے کے لیے مشکل نہیں ہے	وَهٰذَاالْكِتَابُ لَيْسَ

		بِصَعْبٍ لِلْوَلَدِ
18	کیاعالم مخلص نہیں ہے؟	هَلِ الْعَالِمُ لَيْسَ بِمُخْلِصٍ؟
19	کیااللہ عالم نہیں ہے؟	هَلِ اللهُ لَيْسَ بِعَالِمٍ؟
20	کیاپانی وضو کے لیے ضروری نہیں ہے؟	هَلِ الْمَاءُ لِلْوَضُوْءِ لَيْسَ بِضَرُوْرِيٍّ

درس(۱۴)

رَبُّهٗ .رَبُّكَ .رَبِّيْ .عَبْدُهٗ .عَبْدُكَ .عَبْدِيْ .اِسْمُهٗ .اِسْمُكَ .اِسْمِي .
جَمَلُكَ .فَرَسُهٗ .كَلْبُكَ .بَبْغَائِي .حَدِيْقَتُكَ .فَاكِهَتِي .وَرْدُكَ .اَصِيْصِي
.بَيْتِي .غَرْسُهٗ .رَبُّكَ .رَسُوْلُهٗ .اِيْمَانِي .صَدِيْقُهٗ .عَبْدُهٗ .

مَااسْمُكَ؟ اِسْمِي حَمِيْدٌ .كَيْفَ حَالُكَ ؟ حَالِي طَيِّبٌ .مَنْ رَبُّكَ؟ رَبِّيَ اللهُ .أَمُحَمَّدٌ رَسُوْلُهٗ؟ نَعَمْ:مُحَمَّدٌ رَسُوْلُهٗ .أَهُوَ عَبْدُهٗ؟ نَعَمْ: هُوَ عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ .اَلْإِسْلَامُ دِيْنِيْ .وَهٰذَاالدِّيْنُ سَهْلٌ .

ترجمہ:– اُس کا رب•تیرا رب•میرا رب•اُس کا بندہ•تیرا بندہ•میرا بندہ•اُس کا نام•تیرا نام•میرا نام•

تیرا اونٹ • اُس کا گھوڑا • تیرا کتا • میرا طوطا • تیرا باغ • میرا میوہ • تیرا گلاب • میرا کونڈا • میرا گھر • اُس کا پودا • تیرا رب • اُس کے رسول • میرا ایمان • اُس کا دوست • اُس کا بندہ۔

تیرا نام کیا ہے؟ میرا نام حمید ہے • تو کیسا ہے؟ میں اچھا ہوں • تیرا رب کون ہے؟میرا رب اللہ ہے • کیا محمد ﷺ اس کے رسول ہیں؟ ہاں: محمد ﷺ اُس کے رسول

ہیں • کیا وہ اُس کے بندے ہیں؟ ہاں: وہ اُس کے بندے اور اُس کے رسول ہیں • اسلام میرا دین ہے • اور یہ دین آسان ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ رَبُّكَ ؟	رَبِّیَ اللّٰهُ
2	أَأَنْتَ عَبْدُهٗ ؟	نَعَمْ: أَنَا عَبْدُهٗ
3	مَادِيْنُكَ ؟	دِيْنِيَ الْإِسْلَامُ
4	مَنْ رَسُوْلُكَ ؟	رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ
5	مَا اِسْمُهٗ ؟	اِسْمُهٗ مُحَمَّدٌ ﷺ
6	أَرَبُّكَ غَافِلٌ ؟	لَا، رَبِّی لَيْسَ بِغَافِلٍ
7	هَلْ دِيْنُكَ بَاطِلٌ ؟	لَا، دِيْنِی لَيْسَ بِبَاطِلٍ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	اس کا گھر	بَيْتُه
2	اس کا گھوڑا	فَرَسُهٗ
3	اس کا دوست	صَدِيْقُهٗ
4	میرا پالنے والا	رَبِّی
5	میرا گلاب	وَرْدِیْ
6	میرا کونڈا	أَصِيْصِی

7	تیرا طوطا	بَبْغَاءُكَ
8	تیرا باغ	حَدِیْقَتُكَ
9	تیرا پودا	غَرْسُكَ
10	تمھارا دین کیا ہے؟	مَادِیْنُكَ؟
11	کیا تمھارے رسول محمد ﷺ ہیں؟	أَرَسُوْلُكَ مُحَمَّدٌ ﷺ؟
12	میرا رب مہربان ہے	رَبِّیْ رَحِیْمٌ
13	میرا گھر آپ کا گھر ہے	بَیْتِیْ بَیْتُكَ
14	میرے باغ میں میوہ ہے	فِیْ حَدِیْقَتِیْ فَاكِهَةٌ
15	اور پھول بھی	وَ زَهْرٌ أَیْضًا
16	تمھارے والد کیسے ہیں اور کہاں ہیں؟	كَیْفَ وَالِدُكَ وَ أَیْنَ هُوَ؟
17	تمھارا پالنے والا کون ہے؟	مَنْ رَبُّكَ؟
18	میرا پالنے والا اللہ ہے	رَبِّیَ اللهُ
19	وہ تمھارا بھی رب ہے	هُوَ رَبُّكَ أَیْضًا
20	یہ میرا ایمان ہے	هٰذَا إِیْمَانِیْ
21	اسلام میرا دین ہے	اَلْإِسْلَامُ دِیْنِیْ
22	اور وہ حق ہے، باطل نہیں	وَ هُوَ حَقٌّ ،لَا بَاطِلٌ

درس(۱۵)

اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا مَجِیْدُ ! وَعَلَیْكَ السَّلَامُ یَا حَمِیْدُ ! مِنْ أَیْنَ (أَنْتَ)؟
أَنَا مِنَ الْمَدْرَسَةِ.إِلَیٰ أَیْنَ؟ إِلَی الْبَیْتِ.مَاعِنْدَكَ؟ عِنْدِیْ كِتَابٌ .أَذٰلِكَ

الْكِتَابُ لَكَ؟ نَعَمْ:ذٰلِكَ الْكِتَابُ لِيْ.مَتىٰ اِمْتِحَانُكَ؟ أَهُوَ قَرِ يْبٌ؟ لَا ، اِمْتِحَانِي بَعِيْدٌ جِدًّا. أَوَالِدُكَ هٰهُنَا (فِي حَيدر آباد)؟ لَا،هُوَ فِي بَمْبَئِي وَهُنَاكَ لَهُ شُغْلٌ.

ترجمہ:- تم پر سلامتی ہواے مجید!اور تم پر بھی سلامتی ہواے حمید!تم کہاں سے؟ (آرہے ہو)میں مدرسہ سے(آرہاہوں)•کہاں تک؟(جاؤگے)گھر تک(جاؤں گا)•تیرے پاس کیاہے؟میرے پاس کتاب ہے•کیاوہ کتاب تیری ہے؟ہاں:وہ کتاب میری ہے•تیراامتحان کب ہے؟کیاوہ قریب ہے؟نہیں،میراامتحان بہت دور ہے•کیاتیرے والدیہاں حیدرآباد میں ہیں؟ نہیں،وہ بمبئی میں ہیں اور وہاں انھیں ایک کام ہے•۔

سوالات وجوابات

جواب	سوال	شمار
صَدِيْقِيْ مَعِيْ	أَيْنَ صَدِيْقُكَ؟	1
هُوَ طَيِّبٌ	كَيْفَ هُوَ؟	2
نَعَمْ: بَيْتِي بَعِيْدٌ	أَبَيْتُكَ بَعِيْدٌ؟	3
شُغْلِيْ قِرَاءَةٌ	مَا شُغْلُكَ؟	4
إِمْتِحَانِی بَعِيْدٌ جِدًّا	مَتىٰ اِمْتِحَانُكَ؟	5
لَا ، رَبِّى لَيْسَ بِظَالِمٍ	أَرَبُّكَ ظَالِمٌ؟	6
نَعَمْ : دِيْنِيَ الْإِسْلَامُ	أَدِيْنُكَ اِسْلَامٌ؟	7
نَعَمْ : هٰهُنَا أَصِيْصٌ	أَهٰهُنَا اَصِيْصٌ؟	8
هُوَ لِخَالِدٍ	لِمَنْ هُوَ؟	9

10	لِمَنِ الأَرْضُ؟	اَلْأَرْضُ لِلّٰهِ
11	لِمَنِ الْمُلْكُ؟	اَلْمُلْكُ لِلّٰهِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	میرارب تیرارب بھی ہے	رَبِّی رَبُّكَ أَيْضًا
2	تیرے پاس کیا ہے؟	مَا عِنْدَكَ؟
3	میرے پاس اس کا طوطا ہے	عِنْدِیْ بَبْغَاءُهُ
4	پھول میرے باغ میں زیادہ ہیں	اَلْأَزْهَارُ فِیْ حَدِيْقَتِیْ كَثِيْرَةٌ
5	پڑھنا میرا کلام ہے کھیل اس کا کام	اَلْقِرَاءَةُ شُغْلِی وَاللَّعِبُ شُغْلُهُ
6	وہ کتاب میری ہے	ذٰلِكَ الْكِتَابُ لِیْ
7	یہ قلم اس کا ہے	هٰذَا الْقَلَمُ لَهُ
8	یہ گھر کس کا ہے؟	لِمَنْ هٰذَاالبَيْتُ؟
9	یہ گھر اس کا ہے	هٰذَا الْبَيْتُ لَهُ
10	یہاں کون ہے؟	مَنْ هٰهُنَا؟
11	یہاں میرے والد ہیں	هٰهُنَا وَالِدِیْ
12	اور وہاں میرا دوست ہے	وَ هُنَاكَ صَدِيْقِیْ
13	میرا دین باطل نہیں ہے	دِيْنِیْ لَيْسَ بِبَاطِلٍ
14	قرآن عربی میں ہے	اَلْقُرْآنُ فِی الْعَرَبِیِّ

15	اور عربی آسان ہے مشکل نہیں	وَالْعَرَبِیُّ سَهْلٌ، لَا صَعْبٌ
16	مسلم کے لیے اس کا پڑھنا ضروری ہے	قِرَاءَتُهُ لِلْمُسْلِمِ ضَرُوْرِیٌّ

درس (۱۶)

اَیُّ طَائِرٍ .اَیُّ فَصْلٍ.اَیُّ دِیْنٍ.اَیُّ مِنْهَاجٍ.كُلُّ فَصْلٍ.كُلُّ بَلَدٍ.كُلُّ شَیْءٍ. كُلُّ مِنْهَاجٍ .

اَیُّ طَائِرٍ أَسْوَدُ؟ اَلْغُرَابُ أَسْوَدُ .اَیُّ بَلَدٍ طَیِّبٌ؟ بَلَدِیْ طَیِّبٌ. اَیُّ مِنْهَاجٍ جَدِیْدٌ؟ هٰذَاالْمِنْهَاجُ جَدِیْدٌ. أَكُلُّ شَیْءٍ رَخِیْصٌ؟ لَا،كُلُّ شَیْءٍ لَیْسَ بِرَخِیْصٍ .أَكُلُّ فَصْلٍ طَیِّبٌ ؟ لَا،كُلُّ فَصْلٍ لَیْسَ بِطَیِّبٍ.أَكُلُّ رَجُلٍ مَسْرُوْرٌ؟ لَا،كُلُّ رَجُلٍ لَیْسَ بِمَسْرُوْرٍ .

ترجمہ:- کون سا پرندہ؟ کون سا موسم؟ کون سا دین؟ کون سا طریقہ؟ ہر موسم• ہر شہر• ہر چیز• ہر طریقہ• کون سا پرندہ کالا ہے؟ کوّا کالا ہے• کون سا شہر اچھا ہے؟ میرا شہر اچھا ہے• کون سا طریقہ نیا ہے؟ یہ طریقہ نیا ہے•کیا ہر چیز سستی ہے؟ نہیں، ہر چیز سستی نہیں ہے•کیا ہر موسم اچھا ہے؟ نہیں ہر موسم اچھا نہیں ہے•کیا ہر آدمی خوش ہے؟ نہیں، ہر آدمی خوش نہیں ہے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَیُّ شَیْءٍ حَامِضٌ؟	اَللَّیْمُوْنُ حَامِضٌ
2	أَیُّ شَیْءٍ حُلْوٌ؟	اَلتُّفَاحُ حُلْوٌ
3	أَیُّ حَیَوَانٍ طَوِیْلٌ؟	اَلْجَمَلُ طَوِیْلٌ

لَا،کُلُّ وَلَدٍ لَیْسَ بِھَزِیْلٍ	أَکُلُّ وَلَدٍ ھَزِیْلٌ؟	4
لَا، کُلُّ مِنْہَاجٍ لَیْسَ بِمُفِیْدٍ	أَکُلُّ مِنْہَاجٍ مُفِیْدٌ؟	5
لَا،کُلُّ رَجُلٍ لَیْسَ بِمُسْلِمٍ	أَکُلُّ رَجُلٍ مُسْلِمٌ؟	6

ترجمہ کرو:

عربی	اردو	شمار
أَیُّ مِنْہَاجٍ طَیِّبٌ؟	کون ساطریقہ اچھا ہے؟	1
أَیُّ دِیْنٍ حَقٌّ؟	کون سادین حق ہے؟	2
أَیُّ طَائِرٍ جَمِیْلٌ؟	کون سا پرندہ خوب صورت ہے؟	3
أَیُّ شُغْلٍ جَیِّدٌ؟	کون ساکام اچھا ہے؟	4
أَیُّ عِلْمٍ مُفِیْدٌ؟	کون ساعلم مفید ہے؟	5
أَیُّ دِیْنٍ لَیْسَ بِبَاطِلٍ؟	کون سادین باطل نہیں ہے؟	6
أَیُّ عَمَلٍ لَیْسَ بِمُفِیْدٍ؟	کون ساعمل مفید نہیں ہے؟	7
أَیُّ شَیْءٍ لَیْسَ بِصَحِیْحٍ؟	کون سی چیز صحیح نہیں ہے؟	8
کُلُّ وَلَدٍ مَسْرُوْرٌ	ہر لڑکا خوش ہے	9
أَکُلُّ عَالِمٍ جَیِّدٌ؟	کیا ہر عالم اچھا ہے؟	10

11	کیا ہر ایک کوّا کالا ہے؟	أَكُلُّ غُرَابٍ أَسْوَدُ؟
12	کیا ہر شہر خوب صورت ہے؟	أَكُلُّ بَلَدٍ جَمِيْلٌ؟
13	کیا ہر آدمی موٹا ہے؟	أَكُلُّ رَجُلٍ سَمِيْنٌ؟
14	ہر آدمی دبلا نہیں ہے	كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِهَزِ يْلٍ
15	ہر آدمی پست قد نہیں ہے	كُلُّ رَجُلٍ لَيْسَ بِقَصِيْرٍ
16	ہر طریقہ آسان نہیں ہے	كُلُّ مِنْهَاجٍ لَيْسَ بِسَهْلٍ
17	ہر دین حق نہیں ہے	كُلُّ دِيْنٍ لَيْسَ بِحَقٍّ
18	ہر عالم جید نہیں ہے	كُلُّ عَالِمٍ لَيْسَ بِجَيِّدٍ

درس(۱۷)

اَدَبٌ .اُسْتَاذٌ. اَدَبُ الْأُسْتَاذِ .دَرْسٌ .كِتَابٌ. دَرْسُ الْكِتَابِ .وَقْتٌ .لَعِبٌ.وَقْتُ اللَّعِبِ.لَوْنٌ.زَهْرٌ.لَوْنُ الزَّهْرِ.

فَصْلُ التِّيْنِ.فَضْلُ اللهِ. يَوْمُ الْجُمُعَةِ.يَوْمُ الْعِيْدِ.تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ . دَرْسُ الْعَرَبِيِّ .قَلَمُ الرَّصَاصِ.قَلَمُ الْحِبْرِ.

ترجمہ:-ادب•استاذ•استاد کا ادب•سبق•کتاب•کتاب کا سبق• وقت •کھیل •کھیل کاوقت•رنگ•پھول•پھول کارنگ•

انجیر کا موسم • اللہ کی مہربانی • جمعہ کا دن • عید کا دن • سبق کی مشق • عربی کا سبق • پنسل • فونٹن پن •

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی

1	لڑکے کا نام	اِسْمُ الْوَلَدِ
2	آدمی کی تصویر	رَسْمُ الرَّجُلِ
3	باغ کا میوہ	فَاکِهَةُ الْحَدِیْقَةِ
4	گھر کا کام	شُغْلُ الْبَیْتِ
5	چوہے کا رنگ	لَوْنُ الْفَارِ
6	دوست کا گھر	بَیْتُ الصَّدِیْقِ
7	لکھنے کا وقت	وَقْتُ الْکِتَابَةِ
8	مسلم کا ایمان	إِیْمَانُ الْمُسْلِمِ
9	قیامت کا دن	یَوْمُ الْقِیَامَةِ
10	انجیر کا درخت	شجَرُ التِّیْنِ
11	گلاب کا موسم	فَصْلُ الْوَرْدِ
12	طوطے کا پنجرہ	قَفَصُ الْبَبْغَاءِ
13	عرب کی زمین	أَرْضُ الْعَرَبِ
14	اللہ کا نام	اِسْمُ اللہ
15	لکھنے کی مشق	تَمْرِیْنُ الْکِتَابَةِ
16	والد کے دوست	صَدِیْقُ الْوَالِدِ
17	اللہ کی کتاب	کِتَابُ اللہِ
18	قبر کا عذاب	عَذَابُ الْقَبْرِ
19	پڑھنے کا وقت	وَقْتُ الْقِرَاءَةِ
20	اللہ کا گھر	بَیْتُ اللہِ

21	کوّے کا رنگ	لَوْنُ الغُرَابِ
22	مچھلی کی شکل	شَكْلُ السَّمَكِ
23	گلاب کا پودا	غَرْسُ الْوَرْدِ
24	اللہ کا بندہ	عَبْدُ اللهِ
25	اللہ کا رسول	رَسُوْلُ اللهِ
26	قرآن کی تعلیم	تَعْلِيْمُ الْقُرْآنِ
27	تعلیم کا طریقہ	مِنْهَاجُ التَّعْلِيْمِ

درس (۱۸)

اَدَبُ الْأُسْتَاذِ وَاجِبٌ. دَرْسُ الْكِتَابِ سَهْلٌ. تَمْرِيْنُ الدَّرْسِ مُفِيْدٌ .يَوْمُ الْعِيْدِ عُطْلَةٌ. قَلَمُ الرَّصَاصِ رَخِيْصٌ. قَلَمُ الْحِبْرِ ثَمِيْنٌ. فَضْلُ اللهِ كَبِيْرٌ. دَرْسُ الْمُحَادَثَةِ مُفِيدٌ. فَصْلُ الشِّتَاءِ بَارِدٌ .فَصْلُ الصَّيْفِ حَارٌّ. اِسْمُ الْكِتَابِ مِنْهَاجُ الْعَرَبِيَّةِ .

ترجمہ:- استاد کا ادب واجب ہے• کتاب کا سبق آسان ہے•سبق کی مشق مفید ہے•عید کے دن چھٹی ہے• پنسل سستی ہے•فونٹن پن قیمتی ہے•اللہ کی مہربانی بڑی ہے•گفتگو کا سبق مفید ہے•جاڑے کا موسم ٹھنڈا ہے•گرمی کا موسم گرم ہے•کتاب کا نام منہاج العربیہ ہے•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَالَوْنُ الْبَبْغَاءِ؟	لَوْنُ الْبَبْغَاءِ أَخْضَرُ

2	مَا لَوْنُ الْفَأرِ؟	لَوْنُ الْفَارِ أَبْيَضُ
3	أَيُّ قَلَمٍ رَخِيْصٌ؟	قَلَمُ الرَّصَاصِ رَخِيْصٌ
4	أَيُّ قَلَمٍ ثَمِيْنٌ؟	قَلَمُ الْحِبْرِ ثَمِيْنٌ
5	أَيُّ فَصْلٍ حَارٌّ؟	فَصْلُ الصَّيْفِ حَارٌّ
6	أَيُّ فَصْلٍ بَارِدٌ؟	فَصْلُ الشِّتَاءِ بَارِدٌ
7	أَيُّ يَوْمٍ عُطْلَةٌ؟	يَوْمُ الْعِيْدِ عُطْلَةٌ
8	أَيُّ مِنْهَاجٍ مُفِيْدٌ؟	مِنْهَاجٌ جَدِيْدٌ مُفِيْدٌ
9	كَيْفَ شُغْلُ الْقِرَاءَةِ؟	شُغْلُ الْقِرَاءَةِ جَيِّدٌ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	گلاب کا رنگ سُرخ ہے	لَوْنُ الْوَرْدِ أَحْمَرُ
2	قیامت کا دن حق ہے	يَوْمُ الْقِيَامَةِ حَقٌّ
3	قرآن کی تعلیم صحیح ہے	تَعْلِيْمُ الْقُرْآنِ صَحِيْحٌ
4	اللہ کا گھر مکّہ میں ہے	بَيْتُ اللهِ فِيْ مَكَّةَ
5	عید کا دن بہت قریب ہے	يَوْمُ الْعِيْدِ قَرِيْبٌ جِدًّا
6	گلاب کا پودا اچھا ہے	غَرْسُ الْوَرْدِ جَيِّدٌ
7	انجیر کا موسم دور ہے	فَصْلُ التِّيْنِ بَعِيْدٌ
8	کیا یہ گفتگو کا وقت ہے؟	أَهٰذَا وَقْتُ الْمُحَادَثَةِ؟
9	نہیں، یہ پڑھنے کا وقت ہے	لَا، هٰذَا وَقْتُ الْقِرَاءَةِ

10	تجھ پر اللہ کی رحمت ہے	رَحْمَۃُ اللّٰہِ عَلَیْکَ
11	کیا آپ کے پاس فونٹن پن ہے؟	أَعِنْدَکَ قَلَمُ الْحِبْرِ؟
12	نہیں، میرے پاس پنسل ہے	لَا،عِنْدِیْ قَلَمُ الرَّصَاصِ
13	شہر کی ہوا اچھی ہے	ھَوَاءُ بَلَدٍ جَیِّدٌ
14	جاڑے کا موسم دور نہیں ہے	فَصْلُ الشِّتَاءِ لَیْسَ بِبَعِیْدٍ
15	گرمی کا موسم تمھارے نزدیک کیسا ہے	کَیْفَ عِنْدَکَ فَصْلُ الصَّیْفِ؟

درس(۱۹)

مَنْ عَلٰی ھٰذَا الْکُرْسِیِّ؟ عَلَیْهِ وَلَدٌ.اَیُّ شَیْءٍاَمَامَ الْوَلَدِ؟اَمَامَهٗ طَاوِلَةٌ.اَیُّ شَیْءٍ فَوْقَ الطَّاوِلَةِ؟ فَوْقَ الطَّاوِلَةِ کِتَابٌ وَقَلَمُ الرَّصَاصِ .أَیْنَ قَلَمُ الرَّصَاصِ؟ ھُوَ فَوْقَ الْکِتَابِ،وَالْکِتَابُ تَحْتَهٗ .مَنْ مَعَ ذٰلِکَ الْوَلَدِ؟ مَعَهٗ صَدِیْقُهٗ وَھُوَ اَمَامَهٗ. أَیْنَ بَیْتُهٗ ؟ بَیْتُهٗ وَرَاءَالْمَدْرَسَةِ .ھَلْ اِمْتِحَانُهٗ قَبْلَ الْعُطْلَةِ ؟ لَا،اِمْتِحَانُهٗ بَعْدَ الْعُطْلَةِ. ذٰلِکَ الْوَلَدُ مَشْغُوْلٌ بِالْقِرَاءَةِ .وَصَدِیْقُهٗ مَشْغُوْلٌ بِالْکِتَابَةِ .

ترجمہ:- اس کرسی پر کون ہے؟اُس پر لڑکا ہے•کونسی چیز لڑکے کے سامنے ہے؟اس کے سامنے میز ہے•کونسی چیز میز کے اوپر ہے؟ میز کے اوپر کتاب اور پنسل ہے•پنسل کہاں ہے؟وہ کتاب کے اوپر ہے،اور کتاب اس کے نیچے ہے•اُس لڑکے کے ساتھ کون ہے؟اُس کے ساتھ اس کا دوست ہے اور وہ اُس کے سامنے ہے•اُس کا گھر کہاں ہے؟اُس کا گھر مدرسہ کے

پیچھے ہے• کیا اس کا امتحان چھٹی سے پہلے ہے؟ نہیں، اُس کا امتحان چھٹی کے بعد ہے• وہ لڑکا پڑھنے میں مشغول ہے• اور اُس کا دوست لکھنے میں مصروف ہے۔

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	تمھارے ساتھ کون ہے؟	مَنْ مَعَكَ؟
2	میرے ساتھ میرا رب ہے	مَعِیْ رَبِّی
3	میں اللہ کے سامنے کھڑا ہوں	أَنَا وَاقِفٌ أَمَامَ اللهِ
4	اس کے ساتھ اس کا ایمان ہے	مَعَهٗ إِيْمَانُهٗ
5	اور میرے ساتھ میرا ایمان	وَمَعِيْ اِيْمَانِيْ
6	عمل علم کے لیے ضروری ہے	اَلْعَمَلُ لِلْعِلْمِ ضَرُوْرِیٌّ
7	تمھارا امتحان کب ہے؟	مَتیٰ اِمْتِحَانُكَ؟
8	میرا امتحان تعطیل سے پہلے ہے	اِمْتِحَانِی قَبْلَ الْعُطْلَةِ
9	تمھارا سفر عید کے پہلے ہے یا عید کے بعد؟	سَفَرُكَ قَبْلَ الْعِيْدِ أَوْ بَعْدَهٗ؟
10	زمین کے نیچے کیا ہے؟	مَاتَحْتَ الْأَرْضِ؟
11	اس کے بعد میں ہوں اور میرے بعد تو	بَعْدَهٗ أَنَا وَبَعْدِیْ أَنْتَ
12	کیا ہر انسان کے لیے موت ہے؟	أَلِكُلِّ إِنْسَانٍ مَوْتٌ؟
13	کون سا دین حق ہے؟	أَیُّ دِيْنٍ حَقٌّ؟

درس (۲۰)

(ب) تم پر سلامتی ہوائے میرے دوستو!• اور تم پر بھی سلامتی ہوائے سعید!•تم کیسے ہو؟ہم خیریت سے ہیں•تم کہاں سے (آرہے ہو)؟ہم باغ سے (آرہے ہیں)•وہ(باغ)کیسا ہے؟وہ خوبصورت ہے•کیااس میں پھل ہیں؟ہاں:اس میں پھل اور پھول بھی ہیں•کیااس میں سیب ہیں؟ہاں:اس میں سیب ہیں•کیااس میں سنترے ہیں؟ہاں:اس میں سنترے ہیں•کیا تمھارے پاس پھل ہے؟نہیں،ہمارے پاس کوئی چیز نہیں ہے•اب کہاں (جاؤگے)؟اب اپنے گھروں کو (جائیں گے)• تمھارارب کون ہے؟ ہمارارب اللہ ہے•تمھارادین کیا ہے؟ہمارادین اسلام ہے•تمھارے رسول کون ہیں؟ ہمارے رسول محمد ﷺ ہیں•کیا تمھارادین بہتر دین ہے؟ہاں:ہمارادین بہتر دین ہے•رسول اللہ ﷺ کی قبرانور کہاں ہے؟ان کی قبرانور مدینہ منورہ میں ہے•شہر کی ہوااور اس کا پانی کیسا ہے(شہر کی آب وہوا کیسی ہے)؟اس کی ہوااچھی اور اس کا پانی میٹھاہے(اس کی آب وہوااچھی ہے).

درس(۸)

اَلْوَلَدُ .خَرَجَ .اَلْوَلَدُخَرَجَ .اَلْوَلَدُ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ . وَ ذَهَبَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ .وَ جَلَسَ فِي الصَّفِّ وَقَرَاَ وَكَتَبَ .ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْبَيْتِ .

ترجمہ:- لڑکانکلا•لڑکاگھر سے نکلا•اور مدرسہ گیا•اور درجہ میں بیٹھا،پڑھااور لکھا•پھر گھرواپس ہوا۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ خَرَجَ؟	خَرَجَ الْوَلَدُ
2	مِنْ أَيْنَ خَرَجَ؟	خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ
3	إِلىٰ أَيْنَ ذَهَبَ؟	ذَهَبَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ
4	أَيْنَ جَلَسَ؟	جَلَسَ فِي الصَّفِّ
5	أَقَرَأَ هُنَاكَ؟	نَعَمْ: قَرَأَ هُنَاكَ
6	أَكَتَبَ أَيْضًا؟	نَعَمْ: كَتَبَ أَيْضًا
7	مَنْ رَجَعَ إِلَى الْبَيْتِ؟	رَجَعَ الْوَلَدُ إِلَى الْبَيْتِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	استاد نے لکھا	كَتَبَ الْأُسْتَاذُ
2	لڑکے نے پڑھا	قَرَأَ الْوَلَدُ
3	کیا ہر لڑکے نے پڑھا؟	أَقَرَأَ كُلُّ وَلَدٍ؟
4	ہاں: ہر لڑکے نے پڑھا اور لکھا	نَعَمْ: قَرَأَ كُلُّ وَلَدٍ وَ كَتَبَ
5	کون سا لڑکا جماعت سے نکلا؟	أَيُّ وَلَدٍ خَرَجَ مِنَ الصَّفِّ؟
6	ماجد جماعت سے نکلا	مَاجِدٌ خَرَجَ مِنَ الصَّفِّ
7	یہاں کون بیٹھا؟	مَنْ جَلَسَ هٰهُنَا؟
8	اور وہاں کون گیا؟	وَ مَنْ ذَهَبَ هُنَاكَ؟

9	کس نے لکھا؟	مَنْ كَتَبَ ؟
10	اور کس نے پڑھا؟	وَمَنْ قَرَأَ ؟
11	استاد یہاں سے کب گئے ؟	مَتىٰ ذَهَبَ الْأُسْتَاذُ مِنْ هٰهُنَا؟
12	استاد نے فونٹن پن سے لکھا	كَتَبَ الْأُسْتَاذُ بِقَلَمِ الْحِبْرِ
13	اس لڑکے نے پنسل سے لکھا	كَتَبَ ذٰلِكَ الْوَلَدُ بِقَلَمِ الرَّصَاصِ
14	گرمی کی تعطیل میں وہ کہاں گیا؟	أَيْنَ ذَهَبَ فِيْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ؟
15	میرا دوست صبح کی سیر کے لیے نکلا	خَرَجَ صَدِيْقِيْ لِنُزْهَةِ الصَّبَاحِ
16	اس نئی کاپی میں کس نے لکھا؟	مَنْ كَتَبَ فِيْ هٰذِهِ الْكُرَّاسَةِ الْجَدِيْدَةِ؟
17	لڑکا مدرسہ سے کب واپس ہوا؟	مَتىٰ رَجَعَ الْوَلَدُ مِنَ الْمَدْرَسَةِ؟
18	یہ گاڑی کس کی ہے ؟	لِمَنْ هٰذِهِ الْعَرَبَةُ؟
19	اس میں کون بیٹھا؟	مَنْ جَلَسَ فِيْهَا؟

درس (۹)

ماضی واحد حاضر و متکلّم

اَكَلَ. شَرِبَ. اَكَلْتَ. اَكَلْتُ. شَرِبْتَ. شَرِبْتُ. مَا ذَا اَكَلْتَ ؟ اَكَلْتُ الطَّعَامَ. مَاذَا شَرِبْتَ ؟ شَرِبْتُ اللَّبَنَ. مَاذَا قَرَأْتَ ؟ قَرَأْتُ الدَّرْسَ. مَنْ قَرَأَ

مَعَكَ ؟ قَرَأَ مَعِيَ صَدِيْقِي . أَفَهِمْتَ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ ؟ نَعَمْ فَهِمْتُ . أَحَفِظْتَ دَرْسَ الْاَمْسِ ؟ نَعَمْ حَفِظْتُ . مَاذَا فَعَلْتَ بَعْدَهُ ؟ ذَهَبْتُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ . أَفَرِحَ الْاُسْتَاذُ بِكَ ؟ نَعَمْ فَرِحَ بِي .

ترجمہ:- اس نے کھایا•اس نے پیا•تونے کھایا•میں نے کھایا•تونے پیا• میں نے پیا•تونے کیا کھایا؟ میں نے کھاناکھایا•تونے کیا پیا؟•میں نے دودھ پیا•تونے کیا پڑھا؟•میں نے سبق پڑھا•تیرے ساتھ کس نے پڑھا؟•میرے ساتھ میرے دوست نے پڑھا•کیاتونے نئے سبق کوسمجھا؟•ہاں:میں نے سمجھا•کیاتونے گزشتہ سبق کویادکیا؟•ہاں:میں نے یادکیا•تونے اس کے بعدکیاکیا؟•میں مدرسہ گیا•کیااستادتجھ سے خوش ہوئے؟•ہاں:وہ مجھ سے خوش ہوئے•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَأَكَلْتَ التُّفَّاحَ؟	نَعَمْ: أَكَلْتُ التُّفَّاحَ
2	أَأَكَلْتَ الْبُرْتَقَالَ؟	نَعَمْ: أَكَلْتُ الْبُرْتَقَالَ
3	أَأَكَلْتَ التِّيْنَ؟	لَا ، مَاأَكَلْتُ التِّيْنَ
4	أَشَرِبْتَ اللَّبَنَ؟	نَعَمْ: شَرِبْتُ اللَّبَنَ
5	أَفَهِمْتَ الدَّرْسَ؟	نَعَمْ: فَهِمْتُ الدَّرْسَ
6	أَذَهَبْتَ إِلَى الْحَدِيْقَةِ؟	نَعَمْ: ذَهَبْتُ إِلَى الْحَدِيْقَةِ
7	أَجَلَسْتَ فِي الْعَرَبَةِ؟	نَعَمْ: جَلَسْتُ فِي الْعَرَبَةِ
8	مَاذَا قَرَأْتَ؟	قَرَأْتُ الدَّرْسَ
9	أَحَفِظْتَ؟	نَعَمْ: حَفِظْتُ
10	مَاذَا فَعَلْتَ فِي الْمَدْرَسَةِ؟	كَتَبْتُ وَ قَرَأْتُ فِيْهَا

ترجمہ کرو

شمار	اردو	عربی
1	بیٹھا	جَلَسَ
2	کھایا	أَكَلَ
3	پیا	شَرِبَ
4	خوش ہوا	فَرِحَ
5	تو نکلا	خَرَجْتَ
6	تو گیا	ذَهَبْتَ
7	تو واپس ہوا	رَجَعْتَ
8	میں نے کیا	فَعَلْتُ
9	میں نے کھایا	أَكَلْتُ
10	میں نے پیا	شَرِبْتُ
11	میں نے پڑھا	قَرَأْتُ
12	میں نے سبق پڑھا	قَرَأْتُ الدَّرْسَ
13	میں نے پیا	شَرِبْتُ
14	میں نے پانی پیا	شَرِبْتُ الْمَاءَ
15	تو نے کھایا	أَكَلْتَ
16	تو نے سنترہ کھایا	أَكَلْتَ الْبُرْتَقَالَ
17	تو نے یاد کیا	حَفِظْتَ
18	کیا تو نے قرآن یاد کیا؟	أَحَفِظْتَ الْقُرْآنَ؟
19	میں نے دودھ پیا	شَرِبْتُ اللَّبَنَ
20	تو نے چائے پی	شَرِبْتَ الشَّایَ

21	میں اس کے بعد نکلا	خَرَجْتُ بَعْدَه
22	وہ میرے پیچھے نکلا	هُوَ خَرَجَ وَرَائِی
23	گاڑی میں کون گیا؟	مَنْ ذَهَبَ فِی الْعَرَبَةِ؟
24	کیا تونے تازہ گوشت کھایا؟	أَأَكَلْتَ لَحْمًا طَرِيًّا؟
25	میں آج صبح کی تفریح لے لیے نکلا	خَرَجْتُ الْيَوْمَ لِنُزْهَةِ الصَّبَاح
26	توگرما کی تعطیل میں کہاں گیا؟	أَيْنَ ذَهَبْتَ فِیْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ؟
27	اب تونے کیا کیا؟	مَا فَعَلْتَ الْآنَ؟
28	میں نے کل کا سبق پڑھا اور یاد کیا	قَرَأْتُ دَرْسَ الْأَمْسِ وَحَفِظْتُ
29	استاد مجھ سے بہت خوش ہوئے	فَرِحَ الْأُسْتَاذُ بِیْ جِدًّا
30	کیا تونے دین سمجھا؟	أَفَهِمْتَ الدِّيْنَ؟
31	میں نے دین اچھی طرح نہیں سمجھا	مَا فَهِمْتُ الدِّيْنَ جَيِّدًا
32	میں نے اسلام کی تاریخ پڑھی	قَرَأْتُ تَارِيْخَ الْإِسْلَامِ
33	تونے حدیث نہیں پڑھی	مَا قَرَأْتَ الْحَدِيْثَ

درس(۱۰)
ماضی جمع

نَهَضَ .اَخَذَ .سَأَلَ .سَمِعَ .بَدَأَ .نَهَضُوا .اَخَذُوا .سَأَلُوْا .سَمِعُوْا .بَدَءُوْا .نَهَضتُمْ .اَخَذْتُمْ .سَأَلْتُمْ .سَمِعْتُمْ .بَدَأْتُمْ .نَهَضْنَا .اَخَذْنَا .سَأَلْنَا .سَمِعْنَا .بَدَأْنَا

.بَدَأَ .خَتَمْتَ .سَمِعُوا .حَفِظْنَا .فَهِمْتُمْ . رَجَعْتُمْ .دَخَلْتُ .سَأَلْنَا . أَخَذَ. أَكَلُوْا.

اَلْاُسْتَاذُ دَخَلَ الصَّفَّ.فَالتَّلَامِيْذُ سَكَتُوْا.اَلْعَرِيْفُ بَدَأَ الدَّرْسَ وَالتَّلَامِيْذُ سَمِعُوْهُ.ثُمَّ خَتَمَ الْعَرِيْفُ الدَّرْسَ وَالْاُسْتَاذُ سَأَلَهُ.أَفَهِمْتَ الدَّرْسَ يَا عَرِيْفُ؟نَعَمْ فَهِمْتُ يَا سَيِّدِى .ثُمَّ سَأَلَ الْاُسْتَاذُ التَّلَامِيْذَ . اَلْاُسْتَاذُ : أَسَمِعْتُمُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَوَفَهِمْتُمْ ؟ اَلتَّلَامِيْذُ : نَعَمْ سَمِعْنَا وَفَهِمْنَا جَيِّدًا فَبَعْدَ قَلِيْلٍ نَهَضَ الْاُسْتَاذُ وَخَرَجَ مِنَ الصَّفِّ وَالتَّلَامِيْذُ ذَهَبُوْا اِلَى الْبَيْتِ.

ترجمہ:- وہ اٹھا۰ اس نے لیا۰اس نے پوچھا۰اس نے سنا۰اس نے شروع کیا۰وہ اٹھے۰انھوں نے لیا۰انھوں نے پوچھا۰انھوں نے سنا۰انھوں نے شروع کیا۰تم اٹھے ۰تم نے پکڑا۰تم نے پوچھا۰تم نے سنا۰تم نے شروع کیا۰ہم اٹھے۰ہم نے پکڑا۰ہم نے پوچھا۰ہم نے سنا۰ہم نے شروع کیا۰اس نے شروع کیا۰تونے ختم کیا۰انھوں نے سنا۰ہم نے یاد کیا۰تم نے سمجھا۰تم واپس ہوئے۰میں داخل ہوا۰ہم نے پوچھا۰اس نے پکڑا۰انھوں نے کھایا۰

استاذ کلاس میں داخل ہوئے تو طلبہ خاموش ہوگئے • مانیٹر نے سبق شروع کیااور طلبہ نے اسے سنا • پھر مانیٹر نے سبق ختم کیااور استاذ نے پوچھا • کیا تو نے سبق سمجھ لیا اے مانیٹر! • ہاں: میں نے سمجھ لیا اے میرے آقا! • پھر استاذ نے طلبہ سے پوچھا: کیا تم نے نیا سبق سنااور سمجھ لیا؟ • طلبہ (نے جواب دیا) ہاں: ہم نے سنااور ہم نے اچھی طرح سے سمجھ لیا • تھوڑی دیر بعد استاذ اٹھے

اور کلاس سے نکل گیے اور طلبہ گھر چلے گئے۔

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَاذَا قَرَأْتَ؟	قَرَأْتُ الدَّرْسَ
2	هَلْ بَدَأْتُمُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ؟	نَعَمْ: بَدَأْنَا الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ
3	أَسَمِعَ التَّلَامِيْذُ الدَّرْسَ؟	نَعَمْ: سَمِعَ التَّلَامِيْذُ الدَّرْسَ
4	أَفَهِمُوْهُ وَحَفِظُوْهُ؟	نَعَمْ: فَهِمُوْهُ وَحَفِظُوْهُ
5	أَبَدَأْتَ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ؟	نَعَمْ: بَدَأْتُ الْكِتَابَ الْعَرَبِيَّ
6	أَفَهِمْتُمْ دَرْسَ الأَمْسِ؟	نَعَمْ: فَهِمْنَا دَرْسَ الْأَمْسِ
7	مَنْ عَرِيْفُكُمْ وَكَيْفَ هُوَ؟	عَرِيْفِی خَالِدٌ وَهُوَ طَيِّبٌ
8	أَسَمِعْتُمُ الْقُرْآنَ؟	نَعَمْ: سَمِعْنَا الْقُرْآنَ
9	أَحَفِظْتُمْ دَرْسَكُمْ وَفَهِمْتُمْ؟	نَعَمْ: حَفِظْنَا دَرْسَنَا وَفَهِمْنَا
10	هَلِ التَّلَامِيْذُ فَرِحُوا بِالأُسْتَاذِ؟	نَعَمْ: اَلتَّلَامِيْذُ فَرِحُوْا بِالْأُسْتَاذِ
11	هَلِ الْقُرْآنُ كِتَابُ اللهِ؟	نَعَمْ: اَلْقُرْآنُ كِتَابُ اللهِ

مناسب فعل لکھو

أَنَا سَمِعْتُ	نَحْنُ حَفِظْنَا	أَنْتُمْ أَخَذْتُمْ
هُمْ شَرِبُوْا	أَنَا فَعَلْتُ	نَحْنُ قَرَأْنَا
أَنْتَ خَرَجْتَ	أَنَا بَدَأْتُ	أَنْتَ خَتَمْتَ
أَنْتَ أَكَلْتَ	أَنْتُمْ رَجَعْتُمْ	نَحْنُ سَأَلْنَا

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	اٹھا	نَهَضَ
2	گیا	ذَهَب
3	سنا	سَمِعَ
4	پوچھا	سَأَلَ
5	نکلے	خَرَجُوْا
6	بیٹھے	جَلَسُوْا
7	پڑھا	قَرَأَ
8	لکھا	كَتَبَ
9	تو نے کیا	فَعَلْتَ
10	تو نے سمجھا	فَهِمْتَ
11	تو نے یاد کیا	حَفِظْتَ
12	میں نے کھایا	أَكَلْتُ

13	میں نے پیا	شَرِبْتُ
14	میں واپس ہوا	رَجَعْتُ
15	تم نے لیا	أَخَذْتُمْ
16	تم نے شروع کیا	بَدَأْتُمْ
17	تم نے ختم کیا	خَتَمْتُمْ
18	ہم نے سنا	سَمِعْنَا
19	ہم نے پوچھا	سَأَلْنَا
20	استاد نے کتاب لی	أَخَذَ الْأُسْتَاذُ الْكِتَابَ
21	لڑکی نے سبق پڑھا	قَرَأَتِ الْبِنْتُ الدَّرْسَ
22	لڑکے نے سبق سمجھا	فَهِمَ الْوَلَدُ الدَّرْسَ
23	لڑکے استاد کے لیے اٹھے	نَهَضَ الْأَوْلَادُ لِلأُسْتَاذِ
24	انھوں نے سبق شروع کیا اور اچھی طرح سمجھا	بَدَءُوا الدَّرْسَ وَ فَهِمُوْا جَيِّدًا
25	میں اِس کام سے خوش ہوا	فَرِحْتُ مِنْ هٰذَا الشُّغْلِ
26	تو بھی خوش ہوا	فَرِحْتَ أَيْضًا
27	میں نے ورزش جسمانی شروع کی	بَدَأْتُ الرِّيَاضَةَ الْبَدَنِيَّةَ
28	تو مانیٹر کے ساتھ کہاں گیا؟	أَيْنَ ذَهَبْتَ مَعَ الْعَرِيْفِ؟
29	میں نے میٹھے انگور کھائے	أَكَلْتُ الْأَعْنَابَ الْحُلْوَةَ
30	تو نے بہت انجیر لیے	أَخَذْتَ التِّيْنَ الْكَثِيْرَةَ
31	لڑکوں نے گفتگو ختم کی	خَتَمَ الْأَوْلَادُ الْمُحَادَثَةَ
32	وہ گھروں کو واپس ہو گئے	رَجَعُوْا إِلَى الْبَيْتِ

مَافَعَلْتُمْ فِیْ عُطْلَةِ الشِّتَاءِ؟	تم نے سرما کی تعطیل میں کیا کیا؟	33
بَدَأْنَا الْعَرَبِيَّةَ فِیْ عُطْلَةِ الصَّيْفِ	گرما کی تعطیل میں ہم نے عربی شروع کی	34
اَلْعَرَبِیُّ لِسَانُ الْقُرْآنِ	عربی قرآن کی زبان ہے	35
مِنْ أَیِّ وَلَدٍ أَخَذْتَ الْمِحَّايَةَ؟	تم نے ربر کس لڑکے سے لیا؟	36
أَخَذْتُ الْمِحَّايَةَ بِذٰلِكَ الْوَلَدِ	میں نے ربر اُس لڑکے سے لیا	37
قَرَأَ ذٰلِكَ الْفَرَنْجِیُّ الْعَرَبِیَّ وَ فَهِمَ الْقُرْآنَ الْمَجِيْدَ أَيْضًا	اس فرنگی نے بھی عربی پڑھی اور قرآن مجید بھی سمجھا	38
لِمَنْ هٰذِهِ الْمِحْفَظَةُ؟	یہ بستہ کس کا ہے؟	39
هِیَ لِیْ	وہ میرا ہے	40
فِيْهَا قَلَمُ الْحِبْرِ وَكُرَّاسَةٌ وَ مِبْرَاةٌ	اس میں فونٹن پن، کاپی اور قلم تراش ہے	41
أَأَخَذْتَ كُرَّاسَتِی أَحْمَدُ!	احمد! کیا تو نے میری کاپی لی؟	42
نَعَمْ: أَخَذْتُ	ہاں: میں نے لی۔	43
أَفَهِمْتُمْ مَقْصَدَ الْإِسْلَامِ؟	کیا تم نے اسلام کا مطلب سمجھا؟	44
اَلْإِسْلَامُ خَيْرُ مَذْهَبٍ	اسلام بہترین مذہب ہے	45
رَسُوْلُنَا مُحَمَّدٌ ﷺ	ہمارے رسول محمد ﷺ ہیں	46

47	اور وہ عالم کے لیے رحمت ہیں	وَهُوَ رَحْمَةٌ لِلْعَالَمِيْنَ
48	ہمارا خدا ایک ہے	إِلٰهُنَا وَاحِدٌ
49	اور وہ ہمارا خالق اور ہمارا رازق ہے	وَ هُوَ خَالِقُنَا وَ رَازِقُنَا

درس(۱۱)

اَلنُّزْهَةُ فِي الصَّبَاح

خَرَجْنَالِلنُّزْهَةِ فِي الصَّبَاحِ إِلىَ حَدِيْقَةٍ فَدَخَلْنَا هَا وَجَلَسْنَا تَحْتَ شَجَرَةٍ عِنْدَ الْمَاءِ وَنَظَرْنَا إِلىَ اَزْهَارٍ جَمِيْلَةٍ وَ فَرِحْنَا بِهَا،فَنَهَضَ اَحَدٌ مِنْ اَصْدِقَاءِنَا وَ ذَهَبَ إِلىَ الأَشْجَارِ وَقَطَفَ مِنْهَا زَهْرًا وَفَاكِهَةً أَيْضًا،أَنَا مَنَعْتُهُ وَالأَصْدِقَاءُ أَيْضًا مَنَعُوْهُ لٰكِنْ مَارَجَعَ عَنْ فِعْلِهٖ ،فَبَعْدَ قَلِيْلٍ ظَهَرَ صَاحِبُ الْحَدِيْقَةِ وَسَأَلَهُ :لِمَاذَا قَطَفْتَ الْفَاكِهَةَ وَاَكَلْتَهَا بِغَيْرِ اِذْنٍ ؟ أَاَذِنْتُ لَكَ ؟ أَنَا مَااَذِنْتُ .ثُمَّ أَخَذَهُ وَضَرَبَهُ .يَا اَصْدِقَائِ !أَخْذُ شَيْءٍ بِغَيْرِ اِذْنٍ عَادَةٌ مَذْمُوْمَةٌ

صبح میں تفریح

ترجمہ:- ہم صبح میں باغ کی طرف تفریح کے لیے نکلے • تو ہم اس میں داخل ہوئے اور پانی کے قریب ایک درخت کے نیچے بیٹھے • ہم نے خوب صورت پھولوں کو دیکھا اور ہم ان سے خوش ہوئے• ہمارے دوستوں میں سے ایک اٹھا اور درختوں کی طرف گیا• اور اس نے ایک پھول توڑا اور میوہ بھی • میں نے اس کو منع کیا اور دوستوں نے بھی اسے روکا لیکن وہ اپنے کام سے باز نہ آیا• تھوڑی دیر بعد باغ والا ظاہر ہوا اور اس سے پوچھا، تم نے میوہ کیوں توڑا اور بغیر اجازت اسے کیوں کھایا؟ کیا میں نے تجھے اجازت دی؟ میں نے اجازت نہیں دی • پھر اسے پکڑا اور اسے مارا• اے میرے دوستو! بغیر اجازت کسی چیز کو لینا بری عادت ہے•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	إِلیٰ أَیْنَ خَرَجَ الأَوْلَادُ ؟	خَرَجَ الْأَوْلَادُ إِلیٰ حَدِیْقَةٍ
2	مَتیٰ خَرَجُوا؟	خَرَجُوْا فِی الصَّبَاح
3	أَیْنَ جَلَسُوا؟	جَلَسُوْا تَحْتَ شَجَرَةٍ عِنْدَ الْمَاءِ
4	بِأَيِّ شَيْءٍ فَرِحُوا؟	فَرِحُوْا بِأَزْهَارٍ جَمِیْلَةٍ
5	مَنْ قَطَفَ الْفَاكِهَةَ؟	قَطَفَ الْوَلَدُ الْفَاكِهَةَ
6	أَمَا مَنَعَهُ أَحَدٌ ؟	لَا ، أَنَا مَنَعْتُهُ وَالْأَصْدِقَاءُ أَیْضًا مَنَعُوْهُ
7	أَقَطِفَ الْوَلَدُ بِإِذْنٍ؟	لَا ،مَا قَطَفَ الْوَلَدُ بِإِذْنٍ
8	مَنْ ضَرَبَهُ ؟	ضَرَبَهُ صَاحِبُ الْحَدِیْقَةِ
9	أَضَرَبْتُمْ أَحَدًا؟	لَا ، مَا ضَرَبْنَا أَحَدًا
10	أَدَخَلْتُمْ حَدِیْقَةً بِغَیْرِ إِذْنٍ؟	لَا ، مَا دَخَلْنَا حَدِیْقَةً بِغَیْرِ إِذْنٍ
11	أَأَخَذْتُمْ مِنْهَا شَیْئًا ؟	لَا ، مَا أَخَذْنَا مِنْهَا شَیْئًا

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	میں نے کسی کو اجازت نہیں دی	مَا أَذِنْتُ لِأَحَدٍ
2	استاد نے (شریر) لڑکے کو مارا	ضَرَبَ الْأُسْتَاذُ وَلَدًا

		شَرِيْرًا
3	کیا تم نے کسی کو نہیں مارا؟	أَمَا ضَرَبْتَ أَحَدًا؟
4	ہم نے اب تک کسی کو خیر سے منع نہیں کیا	مَا مَنَعْنَا أَحَدًا مِنَ الْخَيْرِ إِلَى الْاٰنَ
5	بغیر اجازت ہم کسی کے گھر میں نہیں گئے	مَا ذَهَبْنَا إِلٰى بَيْتِ أَحَدٍ بِغَيْرِ إِذْنٍ؟
6	تم نے (لال) پھنی لی	أَخَذْتَ الْقِنْوَ الْأَحْمَرَ
7	ہم نے (پیلے) موز لیے	أَخَذْنَا مَوْزًا أَصْفَرَ
8	میں نے بہت پھول توڑے	قَطَفْتُ الْأَزْهَارَ الْكَثِيْرَةَ
9	ہم آپ کی گفتگو سے بہت خوش ہوئے	فَرِحْنَا بِمُحَادَثَتِكَ جِدًّا
10	لڑکوں نے یہ سبق اچھی طرح یاد کیا	حَفِظَ الْأَوْلَادُ هٰذَاالدَّرْسَ جَيِّدًا
11	انھوں نے دین کو بھی سمجھا	فَهِمُوا الدِّيْنَ أَيْضًا
12	دین آسان ہے مشکل نہیں	اَلدِّيْنُ سَهْلٌ لَا صَعْبٌ

درس(۱۲)

فَعَلَ. يَفْعَلُ. يَفْعَلُوْنَ. ضَحِكَ. يَضْحَكُ. يَضْحَكُوْنَ. مَزِحَ. يَمْزَحُ. يَمْزَحُوْنَ. لَعِبَ. يَلْعَبُ. يَلْعَبُوْنَ.

مَاذَا يَفْعَلُ الْوَلَدُ ؟ هُوَ يَعْبُدُ اللهَ. مَاذَا يَفْعَلُ الْاٰنَ ؟ اَلاٰنَ يَرْكَعُ ثُمَّ يَسْجُدُ. أَهٰذِهٖ صَلٰوةٌ؟ نَعَمْ: هٰذِهٖ صَلٰوةٌ. مَاذَا يَفْعَلُوْنَ؟ هُمْ يَلْعَبُوْنَ، وَ يَضْحَكُوْنَ، وَ يَمْزَحُوْنَ. مَاذَا يَفْعَلُوْنَ الْاٰنَ؟ يَضْرِبُ بَعْضُهُمْ بَعْضًا.

فَهٰذِهٖ نَتِيْجَةُ الْمِزَاحِ هٰؤُلَاءِ الأَوْلَادُ يَاكُلُوْنَ وَ يَشْرَبُوْنَ مِن رِّزْقِ اللهِ وَلٰكِنْ لَا يَعْبُدُوْنَ .

ترجمہ:- اس نے کیا• وہ کرتا ہے•وہ کرتے ہیں•وہ ہنسا• وہ ہنستا ہے•وہ ہنستے ہیں•اس نے مذاق کیا•وہ مذاق کرتا ہے•وہ مذاق کرتے ہیں•وہ کھیلا•وہ کھیلتا ہے•وہ کھیلتے ہیں•لڑکا کیا کر رہا ہے؟وہ اللہ کی عبادت کر رہا ہے•اب کیا کر رہا ہے؟اب وہ رکوع کر رہا ہے پھر سجدہ کرے گا•کیا یہ نماز ہے؟ہاں:یہ نماز ہے•وہ کیا کر رہے ہیں؟وہ کھیل رہے ہیں• ہنس رہے ہیں اور مذاق کر رہے ہیں•وہ اب کیا کر رہے ہیں؟ان میں سے بعض بعض کو مار رہے ہیں•تو یہ مذاق کا نتیجہ ہے•یہ لڑکے اللہ کے رزق سے کھاتے اور پیتے ہیں لیکن عبادت نہیں کرتے ہیں•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَيَقْرَأُ ذٰلِكَ الْوَلَدُ؟	لَا، لَا يَقْرَأُ ذٰلِكَ الْوَلَدُ
2	أَيَكْتُبُ ؟	لَا، لَا يَكْتُبُ
3	أَيَعْبُدُ؟	نَعَمْ: يَعْبُدُ
4	أَيَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الأَوْلَادُ؟	لَا، لَا يَقْرَأُ هٰؤُلَاءِ الْأَوْلَادُ
5	أَيَعْبُدُوْنَ ؟	لَا، لَا يَعْبُدُوْنَ
6	أَيَمْزَحُوْنَ ؟	نَعَمْ: يَمْزَحُوْنَ
7	مَنْ يَضْحَكُ ؟	يَضْحَكُ الْأَوْلَادُ
8	مَنْ يَعْبُدُ؟	يَعْبُدُ الْوَلَدُ
9	مَنْ يَرْكَعُ ؟	يَرْكَعُ الْوَلَدُ
10	مَنْ يَسْجُدُ؟	يَسْجُدُ الْوَلَدُ
11	مَنْ يَلْعَبُ ؟	يَلْعَبُ الْأَوْلَادُ
12	هَلِ الصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ؟	نَعَمْ: اَلصَّلٰوةُ وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

مضارع (واحد و جمع) بناؤ

واحد	جمع	واحد	جمع
يَذْهَبُ	يَذْهَبُوْنَ	يَرْجِعُ	يَرْجِعُوْنَ
يَخْرُجُ	يَخْرُجُوْنَ	يَفْهَمُ	يَفْهَمُوْنَ
يَحْفَظُ	يَحْفَظُوْنَ	يَشْرَبُ	يَشْرَبُوْنَ
يَنْهَضُ	يَنْهَضُوْنَ	يَدْخُلُ	يَدْخُلُوْنَ
يَسْئَلُ	يَسْئَلُوْنَ	يَسْمَعُ	يَسْمَعُوْنَ
يَبْدَأُ	يَبْدَءُوْنَ	يَخْتِمُ	يَخْتِمُوْنَ
يَأْخُذُ	يَأْخُذُوْنَ	يَفْرَحُ	يَفْرَحُوْنَ
يَنْظُرُ	يَنْظُرُوْنَ	يَقْطُفُ	يَقْطُفُوْنَ
يَمْنَعُ	يَمْنَعُوْنَ	يَظْهَرُ	يَظْهَرُوْنَ
يَأْذَنُ	يَأْذَنُوْنَ	يَأْكُلُ	يَأْكُلُوْنَ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	جاتا ہے	يَذْهَبُ
2	کھیلتا ہے	يَلْعَبُ
3	ہنستا ہے	يَضْحَكُ
4	پڑھتے ہیں	يَقْرَءُوْنَ
5	لکھتے ہیں	يَكْتُبُوْنَ
6	نکلیں گے	يَخْرُجُوْنَ

7	بیٹھیں گے	يَجْلِسُوْنَ
8	کھیلیں گے	يَلْعَبُوْنَ
9	کھائے گا	يَأْكُلُ
10	پیئے گا	يَشْرَبُ
11	خوش ہوگا	يَفْرَحُ
12	نہ مارے گا	لَا يَضْرِبُ
13	نہ پوچھے گا	لَا يَسْئَلُ
14	نہ توڑے گا	لَا يَقْطِفُ
15	نہ کھائیں گے	لَا يَأْكُلُوْنَ
16	نہ پئیں گے	لَا يَشْرَبُوْنَ
17	اچھا لڑکا مدرسہ جاتا ہے	يَذْهَبُ الْوَلَدُ الطَّيِّبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ
18	جماعت میں داخل ہوتا ہے	يَدْخُلُ الصَّفَّ
19	اور ادب سے بیٹھتا ہے	وَ يَجْلِسُ بِأَدَبٍ
20	وہ اپنے استاد سے ہر چیز سنے گا، سمجھے گا	هُوَ يَسْمَعُ كُلَّ شَيْءٍ بِأُسْتَاذِهٖ، يَفْهَمُ
21	اور اچھی طرح یاد کرے گا	وَ يَحْفَظُ جَيِّدًا
22	استاد اس لڑکے کو نہیں مارتا	لَا يَضْرِبُ الْأُسْتَاذُ ذٰلِكَ الْوَلَدَ
23	وہ اس سے بہت خوش ہوتا ہے	هُوَ يَفْرَحُ بِهٖ جِدًّا
24	لڑکے ادب سے بیٹھتے ہیں پڑھتے ہیں اور لکھتے ہیں	يَجْلِسُ الْأَوْلَادُ بِأَدَبٍ، يَقْرَءُوْنَ وَ يَكْتُبُوْنَ
25	پھر گھروں کو واپس ہوں گے	ثُمَّ يَرْجِعُوْنَ إِلَى الْبُيُوْتِ

26	کھائیں گے، پییں گے اور کتابیں پڑھیں گے	یَأکُلُوْنَ وَ یَشْرَبُوْنَ وَ یَقْرَءُوْنَ الْکُتُبَ
27	اور اللہ کا کلام سنیں گے	وَ یَسْمَعُوْنَ کَلَامَ اللهِ
28	کیا وہ اس کو یاد رکھیں گے؟	أَیَحْفَظُوْنَهٗ؟
29	کیا وہ اس پر عمل کریں گے؟	أَیَعْمَلُوْنَ عَلَیْهِ
30	کامیابی عمل سے ہے نہ کہ علم سے	اَلْفَوْزُ مِنَ الْعَمَلِ لَا مِنَ الْعِلْمِ
31	نماز ہر مسلم کے لیے لازم ہے	اَلصَّلٰوةُ لَازِمَةٌ لِکُلِّ مُسْلِمٍ
32	اللہ ہمارا خالق ہے، ہمارا رازق ہے	اَللهُ خَالِقُنَا، رَازِقُنَا
33	کیا اس کا شکر ہم پر واجب نہیں؟	أَمَا شُکْرُهٗ وَاجِبٌ عَلَیْنَا؟
34	نماز اس شکر کی علامت ہے	اَلصَّلٰوةُ عَلَامَةُ ذٰلِكَ الشُّکْرِ
35	وہ دین کا ستون (عماد) ہے	هِیَ عِمَادُ الدِّیْنِ
36	مسلم ہر وقت نماز کے لیے مسجد کو جاتا ہے	یَذْهَبُ الْمُسْلِمُ کُلَّ وَقْتٍ لِلصَّلٰوةِ إِلَی الْمَسْجِدِ
37	مسجد نماز کے لیے ہے گفتگو کے لیے نہیں	اَلْمَسْجِدُ لِلصَّلٰوةِ لَا لِلْمُحَادَثَةِ
38	کیا تم نے نماز کا مطلب سمجھا؟	أَفَهِمْتُمْ غَرْضَ الصَّلٰوةِ؟
39	نہیں، تم نے اس کا مطلب نہیں سمجھا	لَا ،مَافَهِمْتُمْ غَرْضَهَا
40	اس میں بہت فوائد ہیں	فِیْهَا فَوَائِدُ کَثِیْرَةٌ

درس (۱۳)
مضارع واحد حاضر و متکلّم

فَعَلَ .قَرَاَ .فَهِمَ .اَكَلَ .ذَهَبَ .تَفْعَلُ .تَقْرَاُ .تَفْهَمُ .تَاْكُلُ .تَذْهَبُ .اَفْعَلُ .اَقْرَاُ. اَفْهَمُ .اٰكُلُ .اَذْهَبُ .مَا ذَا تَفْعَلُ يَا حَمِيْدُ ؟اٰكُلُ الطَّعَامَ.اَتَاْكُلُ الطَّعَامَ دَائِماً وَ اَنْتَ وَحِيْدٌ ؟تَارَةً اٰكُلُ وَاَنَا وَحِيْدٌ وَ تَارَةً مَعَ الْاَصدِقَاءِ .مَاذَاتَاكُلُ الْاٰنَ ؟اَلْاٰنَ اٰكُلُ الْخُبْزَ .أَتَاكُلُ الرُّزَّفِى الْبَيْتِ ؟نَعَمْ اٰكُلُ الرُّزَّفِى الْبَيْتِ فِى الْغَدَاءِ وَالْعَشَاءِ .أَلَا تَاكُلُ فِى الْفَتْرَةِ يَا مَجِيْدُ؟ لَا اٰكُلُ شَيْئًا يَا حَمِيْدُ.

ترجمہ:- اس نے کیا•اس نے پڑھا•اس نے سمجھا•اس نے کھایا•وہ گیا•توکرتا ہے•توپڑھتاہے•توسمجھتاہے•توکھاتاہے•توجاتاہے•میں کرتاہوں•میں پڑھتاہوں•میں سمجھتا ہوں•میں کھاتاہوں•میں جاتاہوں•

توکیاکررہاہے اے حمید؟میں کھاناکھارہاہوں•کیاتوہمیشہ اکیلے کھاناکھاتاہے؟کبھی میں اکیلے کھاتاہوں اور کبھی دوستوں کے ساتھ•اب توکیاکھارہاہے؟اب میں روٹی کھارہاہوں•کیاتوگھر میں چاول کھاتاہے؟ہاں:میں گھرمیں دوپہراور رات کے کھانے میں چاول کھاتاہوں•کیاتوانٹر ول میں نہیں کھاتاہے اے مجید؟نہیں،میں کچھ نہیں کھاتاہوں اے حمید؟

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَاذَا يَأكُلُ حَمِيْدٌ؟	يَأكُلُ حَمِيْدٌ الطَّعَامَ
2	أَيَأكُلُ الْخُبْزَ؟	نَعَمْ: يَأكُلُ الْخُبْزَ
3	أَيَأكُلُ الرُّزَّ؟	نَعَمْ: يَأكُلُ الرُزَّ
4	أَيَلْعَبُ الأَوْلَادُفِي الْفَتْرَةِ؟	نَعَمْ: يَلْعَبُ الْأَوْلَادُفِي الْفَتْرَةِ
5	أَيَأكُلُوْنَ؟	نَعَمْ: يَأكُلُوْنَ

6	أَيَقْرَءُوْنَ ؟	نَعَمْ : يَقْرَءُوْنَ
7	أَتَشْرَبُ اللَّبَنَ ؟	نَعَمْ : أَشْرَبُ اللَّبَنَ
8	أَتَأكُلُ الْفَاكِهَةَ ؟	نَعَمْ : اٰكُلُ الْفَاكِهَةَ
9	أَتَفْهَمُ التَّمْرِيْنَ ؟	نَعَمْ : أَفْهَمُ التَّمْرِيْنَ

ترجمہ کرو:

(ا)

شمار	اردو	عربی
1	تو ہنستا ہے	تَضْحَكُ
2	تو کھیلتا ہے	تَلْعَبُ
3	میں پڑھتا ہوں	أَقْرَءُ
4	میں عبادت کرتا ہوں	أَعْبُدُ
5	تو بیٹھتا ہے	تَجْلِسُ
6	میں اٹھتا ہوں	أَنْهَضُ
7	تو نکلے گا	تَخْرُجُ
8	میں داخل ہوں گا	أَدْخُلُ
9	میں اجازت دیتا ہوں	آذَنُ
10	تو منع کرتا ہے	تَمْنَعُ
11	تو کھاتا ہے	تَأكُلُ
12	تو روٹی کھاتا ہے	تَأكُلُ الْخُبْزَ
13	تو پیتا ہے	تَشْرَبُ
14	تو دودھ پیتا ہے	تَشْرَبُ اللَّبَنَ
15	میں لوں گا	آخُذُ

16	میں خوب صورت پھول لوں گا	آخُذُ زَهْرًا جَمِيْلًا
17	میں یاد کروں گا	أَحْفَظُ
18	میں نیا سبق یاد کروں گا	أَحْفَظُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ
19	تو فارسی پڑھتا ہے	تَقْرَءُ فَارْسِيًّا
20	میں عربی زبان پڑھتا ہوں	أَقْرَءُ اللُّغَةَ الْعَرَبِيَّةَ
21	میں دوپہر کے کھانے میں چاول بھی کھاتا ہوں اور روٹی بھی	آكُلُ الرُّزَّ وَالْخُبْزَ فِي الْغَدَاءِ أَيْضًا
22	ہم شام کے کھانے کے بعد دودھ بھی پیتے ہیں	نَشْرَبُ اللَّبَنَ بَعْدَ الْعَشَاءِ أَيْضًا

(ب)

23	مسلم کسی صورت میں نماز سے غفلت نہیں کرتا	اَلْمُسْلِمُ لَا يَغْفَلُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِيْ حَالٍ مِنَ الْأَحْوَالِ
24	وہ ہر کام خلوص سے کرتا ہے	يَفْعَلُ كُلَّ عَمَلٍ بِإِخْلَاصٍ
25	کامیابی خلوص کے بغیر حاصل نہیں ہوتی	لَا يَحْصُلُ الْفَوْزُ بِغَيْرِ إِخْلَاصٍ
26	لیکن اب ہم میں دین نہیں	لٰكِنَّ الْاٰنَ مَا فِيْنَا دِيْنٌ
27	ہم میں خلوص نہیں	مَا فِيْنَا خُلُوْصٌ
28	اس لیے ہم عزت سے بہت دور ہو گئے	لِأَنَّنَا بَعُدْنَا مِنَ الْعِزَّةِ جِدًّا
29	اور اب ہمارے لیے ذلت ہے	وَالْآنَ لَنَا ذِلَّةٌ
30	یہ ہمارے اعمال کا نتیجہ ہے	هٰذِهٖ نَتِيْجَةُ أَعْمَالِنَا

31	ہم ہر چیز میں شہرت طلب کرتے ہیں	نَطْلُبُ السُّمْعَةَ فِیْ كُلِّ شَيْءٍ
32	اور شہرت ہمارا مقصود ہے	وَالسُّمْعَةُ غَرْضُنَا

درس (۱۴)

مضارع جمع

تَفْعَلُ .تَفْعَلُوْنَ .نَفْعَلُ .تَقْرَاُ .تَقْرَؤُنَ.نَقْرَاُ .مَاذَا تَفْعَلُوْنَ ؟ نَقْرَاُ وَ نَكْتُبُ .مَاذَا تَقْرَؤُنَ ؟نَقْرَأُ الْكُتُبَ .مَاذَا تَكْتُبُوْنَ ؟نَكْتُبُ الدَّرْسَ . اَلَا تَلْعَبُوْنَ الْيَوْمَ ؟لَا نَلْعَبُ الْيَوْمَ .أَتَخْرُجُوْنَ لِلنُّزْهَةِ ؟نَعَمْ نَخْرُجُ بَعْدَ الْعَصْرِ.فِی اَیِّ سَنَةٍ اِمْتِحَانُكُمْ؟فِی هٰذِهِ السَّنَةِ .فِی اَیِّ شَهْرٍ؟فِی شَهْرِ اَبْرَیْل.مِنْ اَیِّ یَوْمٍ؟ مِنْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ .

هٰذَا بَرْنَامِجُ الْاِمْتِحَانِ

اَلْاُرْدُوْ-------------------يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ .

اَلتَّارِيْخ -------------------يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ .

اَلْعَرَبِيُّ --------------------يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ .

اَلدِّيْنِيَّاتُ ------------------يَوْمَ الْخَمِيْسِ .

اَلْحِسَاب---------------------يَوْمَ الْجُمُعَةِ .

اَلْاِنْكْلِيْزِيُّ--------------------- يَوْمَ السَّبْتِ .

ترجمہ:- تو کرتا ہے•تم کرتے ہو•ہم کرتے ہیں•تو پڑھتا ہے•تم پڑھتے ہو•ہم پڑھتے ہیں•تم لوگ کیا کرتے ہو؟ہم پڑھتے ہیں اور لکھتے ہیں•تم کیا پڑھتے ہو؟ہم کتابیں پڑھتے ہیں•تم کیا لکھتے ہو؟ہم سبق لکھتے ہیں•کیا آج تم لوگ نہیں کھیلو گے؟ہم آج نہیں کھیلیں گے•کیا تم لوگ

تفریح کے لیے نکلو گے؟ ہاں ہم عصر کے بعد نکلیں گے• تمھارا امتحان کس سال میں ہے؟ اسی سال میں ہے• کون سے مہینے میں ہے؟ اپریل کے مہینے میں ہے• کس دن سے ہے؟ پیر کے دن سے ہے•

یہ امتحان کا نظام الاوقات ہے

اردو:---------------------پیر کے دن

تاریخ:---------------------منگل کے دن

عربی:---------------------بدھ کے دن

دینیات:---------------------جمعرات کے دن

حساب:---------------------جمعہ کے دن

انگریزی:---------------------ہفتہ کے دن

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَتَفْهَمُوْنَ الدَّرْسَ؟	نَعَمْ: نَفْهَمُ الدَّرْسَ
2	أَتَقْرَؤُنَ الْقرْآنَ؟	نَعَمْ: نَقْرَأُ الْقُرْآنَ
3	أَتَفْهَمُوْنَ الْقُرْآنَ؟	نَعَمْ: نَفهَمُ الْقُرْآنَ
4	أَتَاكُلُوْنَ فِي الْفَتْرَةِ؟	لَا، لَانَأكُلُ فِي الْفَتْرَةِ
5	أَتَلْعَبُوْنَ؟	نَعَمْ: نَلْعَبُ
6	أَتَعْبُدُوْنَ؟	نَعَمْ: نَعْبُدُ
7	أَتَنْهَضُ صَبَاحًا؟	نَعَمْ: اَنْهَضُ صَبَاحًا
8	أَتَمْزَحُ فِي الصَّفِّ؟	لَا، لَا أَمْزَحُ فِي الصَّفِّ
9	أَتَسْجُدُوْنَ لِلّٰهِ؟	نَعَمْ: نَسْجُدُ لِلّٰهِ

10	أَتَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ؟	لَا، لَا أَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ
11	أَتَشْكُرُوْنَ لِلّٰهِ؟	نَعَمْ: نَشْكُرُ لِلّٰهِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	آپ کھیلتے ہیں	تَلْعَبُوْنَ
2	ہم پڑھتے ہیں	نَقْرَأُ
3	ہم کھانا کھاتے ہیں	نَاكُلُ الطَّعَامَ
4	آپ دودھ پیتے ہیں	تَشْرَبُوْنَ اللَّبَنَ
5	ہم گوشت کھاتے ہیں	نَاكُلُ اللَّحْمَ
6	آپ پھل کھاتے ہیں	تَاكُلُوْنَ الثَّمَرَ
7	ہم پیر کے دن نکلیں گے	نَخْرُجُ يَوْمَ الْإِثْنَيْنِ
8	کیا آپ چہار شنبہ کے دن نکلیں گے ؟	أَتَخْرُجُوْنَ يَوْمَ الْأَرْبِعَاءِ؟
9	آپ منگل کے دن کہاں جائیں گے ؟	أَيْنَ تَذْهَبُوْنَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ؟
10	تو ہفتہ کے دن کہاں جائے گا؟	أَيْنَ تَذْهَبُ يَوْمَ السَّبْتِ؟
11	کیا اتوار کے دن تعطیل ہے ؟	هَلِ الْعُطْلَةُ يَوْمَ الْأَحَدِ ؟
12	ہم جمعرات تک کتاب ختم کریں گے ؟	نَخْتِمُ الْكِتَابَ إِلٰى يَوْمِ الْخَمِيْسِ
13	تم شام کے کھانے میں کیا کھاتے ہو؟	مَاذَا تَاكُلُ فِي الْعَشَاءِ؟
14	کیا تم دوپہر کے کھانے میں روٹی نہیں کھاتے ؟	أَلَا تَاكُلُ الْخُبْزَ فِيْ

		الْغَدَاءِ؟
15	تعطیل میں ہمارا پروگرام تفریح ہے	بَرْنَامِجُنَا فِي الْعُطْلَةِ نُزْهَةٌ.
16	مئی کا مہینہ گرما کا مہینہ ہے	شَهْرُ مَيْ شَهْرُ الصَّيْفِ
17	دسمبر سال کا آخری مہینہ ہے	شَهْرُ دِيْسَمْبَرْ آخِرُ شَهْرٍ لِلْعَامِ
18	جنوری (ینائر) کا مہینہ سال کا پہلا مہینہ ہے	شَهْرُ يَنَائِرَ أَوَّلُ شَهْرٍ لِلْعَامِ
19	مارچ (مارس) اور اپریل (ابریل) میں لڑکوں کے امتحانات ہیں	فِي مَارِسٍ وَ أَبْرِيْلٍ اِمْتِحَانَاتُ الطَّلَبَةِ

درس (۱۵)

مخلوط ماضی ومضارع

مجِیْد: أَتَذْهَبُ الْيَوْمَ إِلَى الْمَدْرَسَةِ يَا حَمِيْدُ؟

حمید: نَعَمْ أَذْهَبُ الْيَوْمَ وَلٰكِنْ لَا أَذْهَبُ غَدًا.

مجید: لِمَاذَا لَا تَذْهَبُ غَدًا؟

حمید: غَدًا يَوْمُ الْعُطْلَةِ.

مجید: أَحَفِظْتَ دَرْسَ الْأَمْسِ؟

حمید: نَعَمْ حَفِظْتُ.

مجید: أَكَتَبْتَ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ أَنْتَ وَأَصْدِقَاؤُكَ؟

حمید: نَعَمْ. كَتَبْنَا جَيِّدًا جِدًّا.

مجید: مَتٰى تَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ كُلَّ يَوْمٍ؟

حمید : اَذْهَبُ إِلَى الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ الْفُطُوْرِ.

مجید: مَاذَا تَاكُلُ وَتَشْرَبُ فِي الْفُطُوْرِ؟

حمید: اٰكُلُ الْخُبْزَ بِالإِدَامِ وَاَشْرَبُ الشَّايَ .

مجید : مَاذَا تَفْعَلُ أَنْتَ وَاَصْدِقَاؤُكَ بَعْدَ الدَّرْسِ؟

حمید: نَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ فِي الْمَيْدَانِ .

مجید: أَهٰكَذَا تَفْعَلُوْنَ دَائِماً؟

حمید: نَعَمْ: نَفْعَلُ أَهٰكَذَا.

مجید: أَيَقْرَأُ مَعَكَ اَصْدِقَاؤُكَ ؟

حمید : هُمْ يَقْرَؤُنَ مَعِيَ فِي النَّهَارِ وَفِي اللَّيْلِ يَقْرَؤُنَ فِيْ بُيُوْتِهِمْ .

ترجمہ:- مجید:(پوچھتا ہے)کیا آج تو مدرسہ جائے گا اے حمید!؟ حمید:(جواب دیتا ہے)ہاں:آج میں جاؤں گا،لیکن کل نہیں جاؤں گا•مجید:(پوچھتا ہے)کل تو کیوں نہیں جائے گا؟ حمید: (جواب دیتا ہے)کل چھٹی کا دن ہے• مجید:(پوچھتا ہے)کیا تو نے گزشتہ سبق یاد کر لیا؟ حمید:(جواب دیتا ہے)ہاں:میں نے یاد کر لیا•مجید(پوچھتا ہے)کیا تو نے اور تیرے دوستوں نے ہوم ورک کر لیا؟حمید:(جواب دیتا ہے)ہاں:ہم نے بہت اچھی طرح کر لیا•مجید:(پوچھتا ہے)تو ہر دن مدرسہ کب جاتا ہے؟حمید:(جواب دیتا ہے)میں ناشتہ کے بعد مدرسہ جاتا ہوں•مجید:(پوچھتا ہے)تو ناشتہ میں کیا کھاتا ہے اور کیا پیتا ہے؟حمید:(جواب دیتا ہے)میں سالن سے روٹی کھاتا ہوں اور چائے پیتا ہوں•مجید:(پوچھتا ہے)تو اور تیرے دوست سبق کے بعد کیا کرتے ہیں؟ حمید:(جواب دیتا ہے)ہم میدان میں فٹ بال کھیلتے ہیں•مجید:(پوچھتا ہے)کیا تم ہمیشہ اسی طرح کرتے ہو؟ حمید:(جواب دیتا ہے) ہاں: ہم اسی طرح کرتے ہیں•مجید: (پوچھتا ہے)کیا تیرے ساتھ تیرے دوست پڑھتے ہیں؟حمید:(جواب دیتا ہے)وہ دن میں میرے ساتھ پڑھتے ہیں اور رات میں اپنے گھروں میں پڑھتے ہیں•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	مَنْ لَعِبَ مَعَكَ ؟	لَعِبَ مَعِی صَدِیْقِی
2	مَنْ قَرَأَ؟	قَرَأَ حَمِیْدٌ
3	مَنْ كَتَبَ ؟	كَتَبَ الْوَلَدُ
4	مَنْ يَقْرَأُ مَعَكَ ؟	يَقْرَأُ مَعِی أَصْدِقَائِی
5	مَنْ يّكْتُبُ ؟	يَكْتُبُ حَمِيْدٌ
6	مَنْ يَلْعَبُ ؟	يَلْعَبُ الْوَلَدُ
7	أَيَلْعَبُ الأَوْلَادُ؟	نَعَمْ: يَلْعَبُ الْأَوْلَادُ
8	مَتیٰ يَلْعَبُوْنَ؟	يَلْعَبُوْنَ فِی الصَّبَاحِ
9	أَيْنَ يَلْعَبُوْنَ؟	يَلْعَبُوْنَ فِی الْمَيْدَانِ
10	أَقَرَؤُا الدَّرْسَ ؟	نَعَمْ: قَرَءُوا الدَّرْسَ
11	أَفَهِمُوْهُ؟	نَعَمْ: فَهِمُوْه
12	أَأَكَلْتَ التِّيْنَ ؟	لَا، مَا أَكَلْتُ التِّيْنَ
13	أَأَكَلْتَ الْعِنَبَ ؟	نَعَمْ: أَكَلْتُ الْعِنَبَ
14	أَأَكَلْتَ الْتُفَّاحَ ؟	نَعَمْ: أَكَلْتُ التُّفَّاحَ
15	أَعَبَدتُمُ اللهَ ؟	نَعَمْ: عَبَدْنَا اللهَ
16	أَسَجدتُمْ لَهُ ؟	نَعَمْ: سَجَدْنَا لَه
17	أَتَشْرَبُ الشَّايَ ؟	نَعَمْ: أَشْرَبُ الشَّایَ
18	أَتَأكُلُ الْبُرْتَقَالَ ؟	نَعَمْ: آكُلُ الْبُرْتَقَالَ
19	أَتَأكُلُ الْخُبْزَ ؟	نَعَمْ: آكُلُ الْخُبْزَ
20	أَتَلْعَبُوْنَ غَدًا؟	لَا، لَا نَلْعَبُ غَدًا

21	أَتَقْرَؤُنَ الْيَوْمَ؟	نَعَمْ: نَقْرَأُ الْيَوْمَ
22	أَتَسْجُدُوْنَ لِلّٰهِ؟	نَعَمْ: نَسْجُدُ لِلّٰهِ
23	أَخَرَجْتُمْ تَارَةً لِلنُّزْهَةِ؟	نَعَمْ: خَرَجْنَا مَرَّتَيْنِ لِلنُّزْهَةِ
24	أَجَلَسْتُمْ فِيْ عَرَبَةٍ؟	نَعَمْ: جَلَسْنَا فِي الْعَرَبَةِ
25	أَلَعِبْتَ بِالْكُرَةِ؟	لَا: مَا لَعِبْتُ بِالْكُرَةِ
26	أَتَأْكُلُوْنَ لَحْمًا طَرِيًّا؟	نَعَمْ: نَاكُلُ لَحْمًا طَرِيًّا
27	أَتَشْرَبُوْنَ لَبَنًا خَالِصًا؟	نَعَمْ: نَشْرَبُ لَبَنًا خَالِصًا
28	أَتَقْرَأُ دَائِمًا؟	لَا، لَا أَقْرَأُ دَائِمًا
29	أَتَلْعَبُ فِي الْفَتْرَةِ؟	نَعَمْ: أَلْعَبُ فِي الْفَتْرَةِ
30	أَتَاكُلُوْنَ الرُّزَّ دَائِمًا؟	لَا: لَا نَاكُلُ الرُّزَّ دَائِمًا
31	أَتَكْتُبُوْنَ بِقَلَمِ الْحِبْرِ؟	نَعَمْ: نَكْتُبُ بِقَلَمِ الْحِبْرِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	وہ اللہ کا کلام سنتے ہیں	يَسْمَعُوْنَ كَلَامَ اللهِ
2	وہ کتاب لکھتے ہیں	يَكْتُبُوْنَ الْكِتَابَ
3	وہ کھانا نہیں کھاتے	لَا يَاكُلُوْنَ الطَّعَامَ
4	میں عربی شروع کروں گا	أَبْدَأُ الْعَرَبِيَّةَ
5	تو انگریزی کب شروع کرے گا؟	مَتىٰ تَبْدَأُ الْإِنْكِلِيْزِيَّةَ؟
6	میں نیا درس پڑھ رہا ہوں	أَقْرَأُ الدَّرْسَ الْجَدِيْدَ
7	تو پرانا درس یاد کر رہا ہے	تَحْفَظُ دَرْسَ الْأَمْسِ
8	تو آج کھیل رہا ہے	تَلْعَبُ الْيَوْمَ

9	میں کل کھیلوں گا	أَلْعَبُ غَدًا
10	ہم چائے پیتے ہیں	نَشْرَبُ الشَّایَ
11	تم دودھ پیتے ہو	تَشْرَبُوْنَ اللَّبَنَ
12	ہم ایک خدا کی عبادت کرتے ہیں	نَعْبُدُ إِلٰهًا وَاحِدًا
13	میں نے ہوم ورک کیا	كَتَبْتُ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ
14	تونے اب تک نہیں کیا	مَا كَتَبْتَ إِلَى الْآنَ
15	تم نے اس سے کیوں دل لگی کی ؟	لِمَاذَا مَزَحْتُمْ مِنْهُ؟
16	تم ان لڑکوں پر کیوں ہنسے ؟	لِمَاذَ ضَحِكْتُمْ عَلَى أُوْلٰئِكَ الْأَوْلَادِ؟
17	دل لگی اچھی چیز نہیں ہے	اَلْمِزَاحُ لَيْسَ بِجَيِّدٍ
18	ہم ناشتے میں روٹی کھاتے ہیں اور چائے پیتے ہیں	نَاكُلُ الْخُبْزَ فِى الْفُطُوْرِ وَ نَشْرَبُ الشَّایَ
19	میں کبھی تنہا فٹ بال کھیلتا ہوں اور کبھی دوستوں کے ساتھ	أَلْعَبُ تَارَةً بِكُرَةِ الْقَدَمِ وَ أَنَا وَحِيْدٌ وَ تَارَةً مَعَ الْأَصْدِقَاءِ
20	میں نے کسی کو کبھی نہیں مارا	مَا ضَرَبْتُ أَحَدًا قَطُّ
21	کسی گھر میں بغیر اجازت داخل نہیں ہوتا	لَا أَدْخُلُ فِى بَيْتٍ بِغَيْرِ اِذْنٍ
22	میں نے کل کا سبق اچھی طرح یاد کرلیا	حَفِظْتُ دَرْسَ الْأَمْسِ جَيِّدًا

ضمیروں کی مناسبت سے ماضی اور مضارع کے صیغے لکھو

ماضی	مضارع	ماضی	مضارع
أَنْتَ قَطَفْتَ	أَنْتَ تَقْطِفُ	هُوَ أَكَلَ	هُوَ يَاكُلُ
أَنَا سَجَدتُّ	أَنَا أَسْجُدُ	نَحْنُ رَكَعْنَا	نَحْنُ نَرْكَعُ
أَنْتُمْ عَبَدْتُّمْ	أَنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ	هُمْ مَزَحُوْا	هُمْ يَمْزَحُوْنَ
أَنَا لَعِبْتُ	أَنَا أَلْعَبُ	نَحْنُ خَرَجْنَا	نَحْنُ نَخْرُجُ
أَنْتَ أَذِنْتَ	أَنْتَ تَأْذَنُ	أَنْتُمْ عَلِمْتُمْ	أَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ
هُوَ سَأَلَ	هُوَ يَسْئَلُ	أَنَا رَجَعْتُ	أَنَا أَرْجِعُ
هُمْ سَمِعُوْا	هُمْ يَسْمَعُوْنَ	أَنْتَ فَهِمْتَ	أَنْتُمْ تَفْهَمُوْنَ
هُوَ حَفِظَ	هُوَ يَحْفَظُ	نَحْنُ قَطَفْنَا	نَحْنُ نَقْطِفُ
أَنْتُمْ نَظَرْتُمْ	أَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ	هُمْ شَرِبُوْا	هُمْ يَشْرَبُوْنَ

درس (١٦)

مَنْ خَلَقَ؟

مَنْ خَلَقَ الْعَالَمَ ؟ خَلَقَهُ اللهُ .مَنْ خَلَقَ النَّاسَ ؟خَلَقَ هُمُ اللهُ .مَنْ خَلَقَ الْجَنَّةَ؟خَلَقَهَااللهُ. مَنْ يَّخْلُقُ الْاَزْهَارَ؟يَخْلُقُهَااللهُ .مَنْ خَلَقَ السَّمَاءَ ؟خَلَقَهَااللهُ .مَنْ خَلَقَكَ ؟خَلَقَنِى اللهُ. مَنْ يَّرْزُقُكَ ؟ يَرْزُقُنِىْ رَبِّىْ .مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ؟يَرْزُقُنَا رَبُّنَا .أَتَعْبُدُوْنَ اِلٰهًاوَاحِدًا ؟ نَعَمْ نَعْبُدُ اِلٰهًا وَاحِدًا .أَخَلَقَ النَّاسُ شَيئًا ؟لَا مَا خَلَقُوْهُ. أَيَخْلُقُوْنَ شَيْئًا ؟ لَا:لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا .أَتَعْرِفُ إِلٰهَكَ ؟ نَعَمْ :اَعْرِفُهُ .أَخَلَقْتُمُ الأَرْضَ؟ لَا:مَاخَلَقْنَاهَا .بَلِ اللهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ.وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍقَدِيْرٌ .

کس نے پیدا کیا؟

ترجمہ: – دنیاکوکس نے پیداکیا؟اسے اللہ تعالی نے پیداکیا•لوگوں کوکس نے پیدا کیا؟انھیں اللہ تعالی نے پیداکیا•جنت کوکس نے پیداکیا؟اس کواللہ تعالی نے پیدافرمایا•پھولوں کو کون پیداکرتاہے؟ان کواللہ تعالی پیداکرتاہے•آسمان کوکس نے پیداکیا؟اس کواللہ تعالی نے پیدا کیا•تجھے کس نے پیداکیا؟مجھے اللہ تعالی نے پیداکیا•تجھے رزق کون دیتاہے؟مجھے میرارب رزق دیتاہے•تمھیں پاک چیزوں سے رزق کون دیتاہے؟ہمارارب ہمیں رزق دیتاہے•کیاتم ایک معبود کی عبادت کرتے ہو؟ہاں:ہم ایک معبودکی عبادت کرتے ہیں•کیالوگوں نے کچھ پیداکیا؟نہیں ،انھوں نے کچھ پیدانہیں کیا•کیاوہ کچھ پیداکریں گے؟نہیں،وہ کچھ پیدانہیں کریں گے•کیاتم اپنے معبودکوپہچانتے ہو؟ہاں:میں اسے پہچانتاہوں•کیازمین کوتم نے پیداکیا؟نہیں،ہم نے اس کوپیدا نہیں کیا•بلکہ اللہ تعالی ہرچیزکاپیداکرنے والاہے اوروہ ہرچیزپرقادرہے•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَتَعْبُدُ اللهَ ؟	نَعَمْ : اَعْبُدُ اللهَ
2	أَتَخْلُقُوْنَ شَيْئًا ؟	لَا ، لَا نَخْلُقُ شَيْئًا
3	مَنْ يَرْزُقُكَ ؟	يَرْزُقُنِي اللهُ
4	مَنْ خَلَقَكُمْ؟	خَلَقَنَا اللهُ
5	أَخَلَقْتُمُ السَّمَاءَ؟	لَا ، مَا خَلَقْنَا السَّمَاءَ
6	مَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ السَّمَاءِ وَالأَرْضِ ؟	يَرْزُقُنَا اللهُ مِنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ
7	أَفَهِمْتُمُ الدَّرْسَ ؟	نَعَمْ : فَهِمْنَاالدَّرْسَ
8	أَسَمِعْتُمُ الْقُرْآنَ؟	نَعَمْ : سَمِعْنَا الْقُرْآنَ
9	أَضَرَبْتُمْ أَحَدًا؟	لَا ، مَا ضَرَبْنَا أَحَدًا
10	أَضَرَبَكَ الأُسْتَاذُ؟	لَا ،مَاضَرَبَنِي الْأُسْتَاذُ

11	أَعَبدتَّ اللهَ ؟	نَعَمْ: عَبَدتُّ اللهَ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	میں نے میوہ لیا اور اس کو کھایا	أَخَذْتُ الْفَاكِهَةَ وَ أَكَلْتُهَا
2	کیا تم کتابیں لوگے اور ان کو پڑھوگے ؟	أَتَاخُذُ الْكُتُبَ وَ تَقْرَأُهَا ؟
3	کیا تمھارے پاس چھوٹی پیالیاں ہیں ؟	أَعِنْدَكُمْ اَقْدَاحٌ صَغِيْرَةٌ ؟
4	میں ان کو دیکھوں گا	أَنْظُرُهَا
5	میرے پاس نیا قلم تراش ہے	عِنْدِيْ مِبْرَأَةٌ جَدِيْدَةٌ
6	کیا تم نے اس کو دیکھا؟	أَرَأَيْتَهَا ؟
7	اس کے پاس ربر ہے میں اس کو لوں گا	عِنْدَهُ مَحَّايَةٌ اٰخُذُهَا
8	مانیٹر سبق (دروس) پڑھتا ہے	اَلْعَرِيْفُ يَقْرَأُ الدُّرُوْسَ
9	اور ان کو یاد کرتا ہے	وَ يَحْفَظُهَا
10	ہم کسی عورت کی طرف نہ دیکھیں گے	لَا نَنْظُرُ إِلٰى اِمْرَأَةٍ
11	نہ اس کو ماریں گے	وَلَا نَضْرِبُهَا
12	یہ خوب صورت پھول ہیں لڑکے ان کو توڑیں گے	هٰذِهِ أَزْهَارٌ جَمِيْلَةٌ يَقْطِفُهَا الْأَوْلَادُ
13	یہ نماز ہے، ہم اس سے غفلت نہیں کریں گے	هٰذِهِ صَلٰوةٌ وَلَا نَغْفُلُ

		عَنْهَا
14	عربی قرآن کی زبان ہے ہم اس کو ضرور پڑھیں گے	اَلْعَرَبِيَّةُ لِسَانُ الْقُرْاٰنِ وَلَنَقْرَأُهَا
15	یہ ہمارے علماہیں کیاتم ان کی سیرت جانتے ہو؟	هٰؤُلَاءِ عُلَمَاءُنَا أَتَعْلَمُوْنَ سِيْرَتَهُمْ؟
16	یہ مساجد ہیں، کیاتم ان میں عبادت کرتے ہو؟	هٰذِهٖ مَسَاجِدُ أَتَعْبُدُوْنَ فِيْهَا؟
17	یہ قبور ہیں، کیا مسلم ان کو سجدہ کرتا ہے ؟	هٰذِهٖ قُبُوْرٌ أَيَسْجُدُهَا الْمُسْلِمُ؟
18	ہم اللہ کو سجدہ کرتے ہیں	نَسْجُدُ اللهَ
19	اوراس کو اپنا رب جانتے ہیں	وَ نَعْلَمُهٗ رَبَّنَا
20	بعض لوگ مرشد کو سجدہ کرتے ہیں	يَسْجُدُ بَعْضُ النَّاسِ مُرْشِدًا
21	کیا یہ اسلام میں جائز ہے ؟	أَهٰذَا جَائِزٌ فِي الْإِسْلَامِ؟

درس(۱۷)

إِنَّ وَ أَنَّ

أَتَشْهَدُ أَنَّ اللهَ وَاحِدٌ؟ نَعَمْ :اَشْهَدُ أَنَّ اللهَ وَاحِدٌ .أَتَعْلَمُوْنَ أَنَّ الْفَوْزَ بِالْجِدِّ؟ نَعَمْ: نَعْلَمُ أَنَّ الْفَوْزَ بِالْجِدِّ .أَيَعْلَمُ التَّلَامِيْذُ أَنَّ الْكَسْلَانَ مَذْمُوْمٌ؟ نَعَمْ: اَلتَّلَامِيْذُ يَعْلَمُوْنَ أَنَّ الْكَسْلَانَ مَذْمُوْمٌ .أَعَلِمَ التَّلَامِيْذُ أَنَّ الرِّيَاضَةَ الْبَدَنِيَّةَ مُفِيْدَةٌ ؟ نَعَمْ: اَلتَّلَامِيْذُ عَلِمُوْا أَنَّ الرِّيَاضَةَ مُفِيْدَةٌ لِلصِّحَّةِ .أَعَلِمْتُمْ أَنَّ اللهَ يَغْفِرُ

الذُّنُوْبَ ؟ نَعَمْ: عَلِمْنَا أَنَّ اللهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ .أَعَبدتَّ اللهَ وَشَكَرْتَ لَهٗ ؟ نَعَمْ: عَبَدْتُهٗ وَشَكَرْتُ لَهٗ فَإِنَّ اللهَ خَلَقَنِي وَرَزَقَنِيْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَحَفِظَنِيْ مِنَ الآفَاتِ .

ترجمہ:- کیا تو گواہی دیتا ہے کہ اللہ ایک ہے ؟ہاں: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ایک ہے •کیا تم جانتے ہو کہ کامیابی کوشش سے ہے ؟ہاں: ہم جانتے ہیں کہ کامیابی کوشش سے ہے •کیا طلبہ جانتے ہیں کہ سستی بری چیز ہے ؟ہاں: طلبہ جانتے ہیں کہ سستی بری چیز ہے •کیا طلبہ کو معلوم ہے کہ جسمانی ورزش مفید ہے ؟ہاں: طلبہ کو معلوم ہے کہ ورزش صحت کے لیے مفید ہے •کیا تمھیں معلوم ہے کہ اللہ تعالی گناہوں کو بخشتا ہے ؟ہاں: ہمیں معلوم ہے کہ اللہ تعالی گناہوں کو بخشتا ہے •کیا تو نے اللہ کی عبادت کی اور اس کا شکر ادا کیا؟ ہاں: میں نے اس کی عبادت کی اور اس کا شکر ادا کیا، کیوں کہ اللہ تعالی نے مجھے پیدا کیا، اور پاک چیزوں سے رزق دیا اور تمام آفات وبلیات سے میری حفاظت فرمائی•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَتَعْلَمُ أَنَّ الْمُحَادَثَةَ مُفِيْدَةٌ؟	نَعَمْ: أَعْلَمُ أَنَّ الْمُحَادَثَةَ مُفِيْدَةٌ
2	أَتَعْلَمُوْنَ أَنَّ الرِّيَاضَةَ ضَرُوْرِيَّةٌ؟	نَعَمْ: نَعْلَمُ أَنَّ الرِّيَاضَةَ ضَرُوْرِيَّةٌ
3	لِمَاذَا تَعْبُدُ اللهَ؟	لِأَنَّ اللهَ خَلَقَنِى وَرَزَقَنِى مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَحَفِظَنِى مِنَ الْاٰفَاتِ
4	أَيْنَ يَقْرَأُ الأَوْلَادُ؟	يَقْرَأُ الْأَوْلَادُ فِى الْمَدْرَسَةِ
5	أَبَدَأْتَ الْعَرَبِيَّ؟	نَعَمْ: بَدَأْتُ الْعَرَبِيَّ

6	أَلَعِبَ التَّلَامِيْذُ؟	نَعَمْ: لَعِبَ التَّلَامِيْذُ
7	مَنْ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ ؟	اللّٰهُ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ
8	أَخَتَمْتَ شُغْلَكَ ؟	نَعَمْ: خَتَمْتُ شُغْلِي
9	أَتَعْلَمُ أَنَّ الشُّكْرَ وَاجِبٌ؟	نَعَمْ: أَعْلَمُ أَنَّ الشُّكْرَ وَاجِبٌ

ترجمہ کرو:

(ا)

شمار	اردو	عربی
1	اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے	اَللّٰهُ يَعْلَمُ وَ أَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ
2	وہ اللہ کی نعمت پہچانتے ہیں	يَعْرِفُوْنَ نِعْمَةَ اللّٰهِ
3	تم کو اللہ بخشے گا	يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ
4	وہ اپنی کتاب پڑھتے ہیں	يَقْرَءُوْنَ كُتُبَهُمْ
5	ہم تم کو رزق دیتے ہیں	نَحْنُ نَرْزُقُكُمْ
6	وہ کچھ نہیں پیدا کرتے	لَا يَخْلُقُوْنَ شَيْئًا
7	وہ جنت میں داخل ہوں گے	يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ
8	ہم تجھ سے رزق نہیں مانگتے (پوچھتے)	لَا نَسْأَلُكَ رِزْقًا

(ب)

9	کیا تم اس لڑکے کو پہچانتے ہو؟	أَتَعْرِفُ هٰذَاالْوَلَدَ؟
10	ہاں: میں اس لڑکے کو اچھی طرح پہچانتا ہوں	نَعَمْ: أَعْرِفُ هٰذَاالْوَلَدَ جَيِّدًا
11	کیا تم جانتے ہو کہ ورزش مفید ہے ؟	أَتَعْرِفُ أَنَّ الرِّيَاضَةَ مُفِيْدَةٌ ؟

12	ہم اللہ کا شکر کرتے ہیں	نَشْكُرُ اللهَ
13	کیوں کہ شکر انسان پر واجب ہے	فَإِنَّ الشُّكْرَ وَاجِبٌ عَلَى الْإِنْسَانِ
14	ہم جانتے ہیں کہ کامیابی کوشش سے ہے	نَعْلَمُ أَنَّ الْفَوْزَ بِالْجِدِّ
15	کیا مسلم جانتا ہے کہ نماز فرض ہے؟	أَيَعْلَمُ الْمُسْلِمُ أَنَّ الصَّلٰوةَ وَاجِبَةٌ؟
16	کیا تو نہیں جانتا کہ وہ ہر فقیر و غنی اور چھوٹے بڑے پر فرض ہے؟	أَلَا تَعْلَمُ أَنَّهَا وَاجِبَةٌ عَلٰى كُلِّ فَقِيْرٍ وَغَنِيٍّ وَصَغِيْرٍ وَكَبِيْرٍ؟
17	تم کیوں خدا کی عبادت نہیں کرتے؟	لِمَاذَا لَا تَعْبُدُوْنَ اللهَ؟
18	عبادت شکر کی علامت ہے	اَلْعِبَادَةُ عَلَامَةُ الشُّكْرِ

درس (۱۸)
اسم تفضیل

صَغِيْرٌ .كَبِيْرٌ .عَلِيْمٌ. طَيِّبٌ .رَخِيْصٌ .اَصْغَرُ .اَكْبَرُ .اَعْلَمُ. اَطْيَبُ .اَرْخَصُ .اَسْهَلُ.اَطْوَلُ. اَصْعَبُ.اَجْمَلُ.اَنْفَعُ .

اَلْعِلْمُ اَنْفَعُ .اَلْعِلْمُ اَنْفَعُ مِنَ اللَّعِبِ. اَلْأُسْتَاذُ اَعْلَمُ . اَلْأُسْتَاذُ اَعْلَمُ مِنَ التِلْمِيْذِ .اَلْقَمَرُ اَصْغَرُ . اَلْقَمَرُ اَصْغَرُ مِنَ الشَّمْسِ .اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ. اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ. أَنْتَ خَيْرٌ .أَنْتَ خَيْرٌ مِنِيِّ . هُوَ شَرٌّ .هُوَ شَرٌّ مِنْكَ .هُمْ خَيْرٌ .هُمْ خَيْرٌ مِنِّي .

ترجمہ: چھوٹا•بڑا•جاننے والا•اچھا•سستا•زیادہ چھوٹا•زیادہ بڑا•زیادہ جاننے

والا• زیادہ اچھا• زیادہ سستا• زیادہ آسان• زیادہ لمبا• زیادہ مشکل• زیادہ خوب صورت• زیادہ نفع بخش• علم زیادہ نفع بخش ہے• علم کھیل سے زیادہ نفع بخش ہے• استاذ زیادہ جاننے والا ہے• استاد طالب علم سے زیادہ جاننے والا ہے• چاند زیادہ چھوٹا ہے• چاند سورج سے چھوٹا ہے• نماز بہتر ہے• نماز نیند سے بہتر ہے• تو بہتر ہے• تو مجھ سے بہتر ہے• وہ بڑا ہے• وہ تجھ سے بڑا ہے• وہ بہتر ہیں• وہ مجھ سے بہتر ہیں•

سوالات وجوابات

شمار	سوال	جواب
1	أَيُّ شَيْءٍ خَيْرٌ: اَلصَّلٰوۃُ أَمِ النَّوْمُ؟	اَلصَّلٰوۃُ خَيْرٌ مِنَ النَّوْمِ
2	أَيُّ شَيْءٍ اَطْيَبُ: أَللَّبَنُ أَمِ الشَّايُ؟	اَللَّبَنُ أَطْيَبُ مِنَ الشَّايِ
3	مَنْ أَعْلَمُ: اَلْمُعَلِّمُ أَمِ التِّلْمِيْذُ؟	اَلْمُعَلِّمُ أَعْلَمُ مِنَ التِّلْمِيْذِ
4	أَيُّ شَيْءٍ أَكْبَرُ: اَلشَّمْسُ أَمِ الْقَمَرُ؟	اَلشَّمْسُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَمَرِ
5	أَيُّ شَيْءٍ أَنْفَعُ: اَلْخُبْزُ أَمِ الرُّزُّ؟	اَلْخُبْزُ أَنْفَعُ مِنَ الرُّزِّ
6	أَيُّ شَيْءٍ خَيْرٌ: اَللَّيْلُ أَمِ النَّهَارُ؟	اَلنَّهَارُ خَيْرٌ مِنَ اللَّيْلِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	سنترہ سیب سے سستا ہے	اَلْبُرْتَقَالُ أَرْخَصُ مِنَ التُّفَّاحِ
2	روٹی چاول سے بہتر ہے	اَلْخُبْزُ خَيْرٌ مِنَ الرُّزِّ
3	بلی چوہے سے بڑی ہے	اَلْقِطَّةُ أَكْبَرُ مِنَ الْفَارِ
4	یہ اس سے بڑا ہے	هٰذَا أَكْبَرُ مِنْهُ

5	وہ اس سے مشکل ہے	ذٰلِكَ أَصْعَبُ مِنْهُ
6	آج کل سے بہتر ہے	اَلْيَوْمَ خَيْرٌ مِنَ الْغَدِ
7	اونٹ گھوڑے سے لمبا ہے	اَلْجَمَلُ أَطْوَلُ مِنَ الْفَرَسِ
8	عربی انگریزی سے قدیم ہے	اَلْعَرَبِيُّ أَقْدَمُ مِنَ الإِنْكِلِيزِيِّ
9	پڑھنا بہتر ہے یا کھیلنا؟	اَلْقِرَاءَةُ خَيْرٌ أَمِ اللَّعِبُ ؟
10	نماز بہتر ہے یا نیند؟	اَلصَّلٰوةُ خَيْرٌ أَمِ النَّوْمُ ؟
11	بندر برا ہے یا کتّا؟	اَلْقِرْدُ شَرٌّ أَمِ الْكَلْبُ
12	علم بہتر ہے یا کھیل؟	اَلْعِلْمُ خَيْرٌ أَمِ اللَّعِبُ ؟
13	انار سستا ہے یا سیب؟	اَلرُّمَّانُ أَرْخَصُ أَمِ التُّفَّاحُ ؟

تمرین (۲)

الف

أَتَعْرِفُ يَاصَدِيْقِيْ ؟ مَنْ ذٰلِكَ الْوَلَدُ؟ نَعَمْ: اَعْرِفُهٗ . هُوَ عَرِيْفِيْ . أَتَعْرِفُ وَالِدَهٗ ؟ لَا: اَعْرِفُ وَالِدَهٗ . أَيَلْعَبُ مَعَكَ ؟ نَعَمْ: يغْلَبُ مَعِيْ تَارَةً . أَخَرَجْتَ مَعَهٗ لِلنُّزْهَةِ؟ نَعَمْ: خَرَجْتُ الْيَوْمَ .مَتىٰ تَخْرُجُوْنَ لِلنُّزْهَةِ ؟ نَخْرُجُ بَعْدَ الْفَجْرِ .أَدَخَلَ اَصْدِقَاءُكَ حَدِيْقَةً ؟ نَعَمْ: دَخَلُوْهَا .أَقَطَفْتُمْ فِي الْحَدِيْقَةِ شَيْئًا ؟ لَا: مَا قَطَفْنَا شَيْئًا بِغَيْرِ اِذْنٍ .مَتىٰ تَكْتُبُ فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ ؟ اَكْتُبُهَا فِى اللَّيْلِ . بِاَيِّ شَيْءٍ تَلْعَبُوْن ؟ وَأَيْنَ ؟ نَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ فِي الْمَيْدَانِ .

تمرین (۲)

ترجمہ:- (ا) اے میرے دوست !کیاتم جانتے ہو کہ وہ لڑکا کون ہے ؟ہاں:میں اس کو جانتا ہوں•وہ میرا مانیٹر ہے•کیاتم اس کے والد کو جانتے ہو؟نہیں،میں اس کے والد کو نہیں جانتا

ہوں• کیاوہ تمھارے ساتھ کھیلتا ہے؟ہاں:وہ میرے ساتھ کبھی کبھی کھیلتا ہے• کیا تو اس کے ساتھ تفریح کے لیے نکلا؟ ہاں: میں آج نکلا• تم تفریح کے لیے کب نکلتے ہو؟ہم فجر کے بعد نکلتے ہیں• کیا تیرے دوست باغ میں داخل ہوئے؟ ہاں: وہ اس میں داخل ہوئے• کیا تم نے باغ میں کوئی چیز توڑی؟نہیں، ہم نے کوئی چیز بغیر اجازت نہیں توڑی• تم ہوم ورک کب کرتے ہو؟میں اسے رات میں کرتا ہوں• تم کس چیز سے اور کہاں کھیلتے ہو؟ہم میدان میں فٹ بال سے کھیلتے ہیں•

ب

اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّ كُلِّ شَيْءٍ .خَلَقَ الأَرْضَ وَالسَّمَاءَ وَخَلَقَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ،خَلَقَ الأَزْهَارَ وَالأَثْمَارَ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ،يَرْزُقُنَا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَيَحْفَظُنَا مِنْ جَمِيْعِ الاٰفَاتِ ،فَلِمَ لَا نَعْبُدُهٗ وَنَسْجُدُ لَهٗ وَهُوَ يَسْمَعُ دُعَاءَنَا وَ يَعْلَمُ حَالَنَا وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ .يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ ،وَلَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ .نَسأَلُهٗ كُلَّ شَيْءٍ وَلَا نَسأَلُ اَحَدًا ،نَشْهَدُ أَنَّهٗ وَاحِدٌ ،لَيْسَ لَهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ فَنَحْمَدُهٗ وَنَشْكُرُ لَهٗ دَائِماً .

ترجمہ

(ب) اللہ ہمارا رب ہے اور وہ ہر چیز کا رب ہے• اس نے زمین وآسمان، چاند و سورج کو پیدا کیا• اس نے پھولوں اور پھلوں کو پیدا کیا اور ہر چیز کو پیدا کیا• وہ ہمیں پاک چیزوں سے رزق عطا کرتا ہے اور تمام آفات وبلیات سے ہماری حفاظت فرماتا ہے• تو کیوں نہ ہم اس کی عبادت کریں اور اس کو سجدہ کریں حالانکہ وہ ہماری پکار سنتا ہے اور ہماری حالت کو جانتا ہے اور وہ سننے جاننے والا ہے• وہ گناہوں کو بخشتا ہے اور وہ لوگوں پر کچھ بھی ظلم نہیں کرتا اور وہ بخشنے والا مہربان ہے• ہم ہر چیز کا اس سے سوال کرتے ہیں اور کسی سے سوال نہیں کرتے ہیں• ہم گواہی دیتے ہیں کہ وہ اکیلا ہے بادشاہت میں اس کا کوئی شریک نہیں ہے تو ہم اس کی تعریف کرتے ہیں اور ہمیشہ اس کا شکر ادا کرتے ہیں۔

درس (۱۹)
امر

تَنْهَضُ .تَذْهَبُ .تَقْرَأُ .تَلْعَبُ .اِنْهَضْ .اِذْهَبْ .اِقْرَأْ .اِلْعَبْ .اِسْمَعْ . اِعْلَمْ .اِفْهَمْ . اِفْعَلْ .اِلْبَسْ .اِخْلَعْ .اِسأَلْ .سَلْ .اِجْلِسْ .اِرْجِعْ .اِغْفِرْ .اِغْسِلْ . اُعْبُدْ .اُنْظُرْ .اُكْتُبْ .اُشْكُرْ. كُلْ. خُذْ. مُرْ. اُرْقُدْ.

أَيُّهَاالْوَلَدُ! اِنْهَضْ مِنَ النَّوْمِ صَبَاحًا ،وَاعْبُدْ رَبَّكَ ،وَكُلْ وَاشْرَبْ ،وَالْبَسْ ثِيَابِكَ،وَاذْهَبْ إِلَى الْمَدْرَسَةِ ،وَاجْلِسْ فِي الصَّفِّ بِالْأَدَبِ ،وَاقْرَأْ دَرْسَكَ وَافْهَمْهُ .ثُمَّ ارْجِعُوْا أَيُّهَاالأَوْلَادُ ! إِلَى الْبُيُوْتِ ،وَاخْلَعُوْا ثِيَابَ الْمَدْرَسَةِ ،وَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَاشْرَبُوْاالشَّاىَ فَاخْرُجُوا إِلَى الْمَيْدَانِ وَالْعَبُوْا مَعَ اَصْدِقَائِكُمْ ،ثُمَّ ارْجِعُوْا قَبْلَ الْمَغْرِبِ .وَاعْبُدُوْا اللهَ ،وَاكْتُبُوْا فُرُوْضَ الْمَدْرَسَةِ ،وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِزْقِ اللهِ ،فَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَارْقُدُوْا إِلَى الْفَجْرِ .

ترجمہ:- تواٹھتا ہے• توجاتا ہے• توپڑھتا ہے• توکھیلتا ہے• تواٹھ• توجا• توپڑھ• توکھیل • توسُن• توجان• توسمجھ• توکر• توپہن• تواتار• تومانگ• توپوچھ• توبیٹھ• تولوٹ• توبخش• تودھو• تو عبادت کر• تودیکھ• تولکھ• توشکر کر• توکھا• تولے• توحکم دے• توسو•

اے لڑکے! صبح نیند سے اٹھ• اپنے رب کی عبادت کر• کھااور پی• اپنالباس پہن• مدرسہ جا• کلاس میں ادب سے بیٹھ• اپناسبق پڑھ اور اس کوسمجھ• اے لڑکو! پھر گھروں کی طرف واپس ہو• مدرسہ کاڈریس اتاردو• اپنے ہاتھ اور منھ دھو،اپنے رب کی عبادت کرو،چائے پی کر میدان کی طرف نکلو اور اپنے دوستوں کے ساتھ کھیلو• پھر مغرب سے پہلے واپس ہو• اللہ کی عبادت کرو• ہوم ورک کرو• اللہ کے رزق سے کھاؤاور پیو• اپنے رب کی عبادت کرواور فجر تک سو۔

امر بناؤ، پڑھواور لکھو

اِرْحَمْ	اِفْهَمْ	اِخْتِمْ	اِحْفَظْ	اِبْدَأْ	اِشْهَدْ	اِمْنَعْ	اِضْرِبْ	اِسْمَعْ

فقرات ذیل کے فعل کو امر واحد میں تبدیل کرو

اِقْرَأْ کِتَابَکَ	خُذِ الْکِتَاب بِقُوَّةٍ	اِذْهَبْ بِکِتَابِی هٰذَا
أُعْبُدْ رَبَّکَ	أُدْخُلِ الْجَنَّةَ	اِغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

امر جمع بناؤ

أُعْبُدُوا اللّٰهَ	أُشْکُرُوا لَهٗ	اِفْعَلُوا الْخَیْرَ
اِسْئَلُوا اللّٰهَ	اِعْلَمُوا أَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَحِیْمٌ	کُلُوْا مِنَ الطَّیِّبَاتِ

ترجمہ کرو:

شمار	اردو	عربی
1	اللہ کی تعریف کر	اِحْمَدِ اللّٰهَ
2	لوگوں کو فائدہ پہنچا (نفع)	اِنْفَعِ النَّاسَ
3	اچھے دوست کو پہچان	اِعْرِفْ صَدِیْقًا طَیِّبًا
4	پرانا سبق اچھی طرح یاد کر	اِحْفَظِ الدَّرْسَ الْقَدِیْمَ جَیِّدًا
5	اور نیا سبق بھی	وَالدَّرْسَ الْجَدِیْدَ أَیْضًا
6	میدان کو جا اور فٹ بال کھیل	اِذْهَبْ إِلَی الْمَیْدَانِ وَالْعَبْ کُرَةَ الْقَدَمِ
7	کتاب لے اور پڑھ	خُذِ الْکِتَابَ وَاقْرَأْ
8	ہاتھ دھو اور کھانا کھا	اِغْسِلِ الْیَدَ وَکُلِ الطَّعَامَ
9	کبھی چاول کھا اور کبھی روٹی کھا	کُلِ الرُّزَّ تَارَةً وَکُلِ الْخُبْزَ تَارَةً
10	اٹھو اور آسمان کی طرف دیکھو	اِنْهَضُوْا وَانْظُرُوْا إِلَی

		السَّمَاءِ
11	دن میں سورج کو دیکھو، اور رات میں چاند دیکھو	اُنْظُرُوْا الشَّمْسَ فِی النَّهَارِ وَانْظُرُوْا الْقَمَرَ فِی اللَّيْلِ
12	کھاؤ اور پیو اور شکر کرو	كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَاشْكُرُوْا
13	صبح تفریح کے لیے نکلو	وَاخْرُجُوْا لِلنُّزْهَةِ صَبَاحًا
14	نیکی کرو اور جنت میں داخل ہو	اِفْعَلُوْا الْخَيْرَ وَادْخُلُوْا الْجَنَّةَ
15	اے اللہ! میرے گناہ بخش دے	اَللّٰهُمَّ ! اِغْفِرْ ذُنُوْبِي
16	میں تیرا بندہ ہوں، تو میرا رب ہے	أَنَا عَبْدُكَ ،أَنْتَ رَبِّي
17	اللہ کو پوج، وطن کو نہ پوج	أُعْبُدِ اللهَ، وَلَا تَعْبُدْ وَطَنًا

درس(۲۰)

نہی

تَضْحَكُ .تَمْزَحُ .تَجْعَلُ .تَكْذِبُ .لَا تَضْحَكْ.لَا تَمْزَحْ . لَا تَجْعَلْ .لَا تَكْذِبْ .لَا تَحْزَنْ.لَا تَكْسَلْ .لَا تَضْرِبْ .لَا تَدْخُلْ .لَا تَخْرُجْ .لَا تَنْظُرْ .لَا تَلْعَبْ .لَا تَتْرُكْ .

اَيُّهَا الْوَلَدُ

لَا تَذْهَبْ إِلَى الْمَدْرَسَةِ بِالتَّاخِيْرِوَ لَا تَضْحَكْ عَلٰى اَحَدٍوَ لَا تَمْزَحْ دَائِمًا.وَلَاتَحْزَنْ وَ لَاتَكْسَلْ لَا تَكْذِبُوا فَإِنَّ الْكِذْبَ خَصْلَةٌ مَذْمُوْمَةٌ وَلَا تَقْرَؤُا

